# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 29 جولائی 2024ء بمطابق 22 محرم 1446 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر انچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ کَالۡفَخَّارِ O وَخَلَقَ الۡجَآنَّ مِنۡ مَّارِجٍ مِّنۡ نَّارٍ O فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ O رَبُّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَ رَبُّ الۡمَغۡرِبَیۡنِ O فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ O مَرَجَ الۡبَحۡرَیۡنِ یَلۡتَقِیٰنِ O بَیۡنَہُمَا بَرۡزَخٌ لَّا یَبۡغِیٰنِ O فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ O یَخۡرُجُ مِنۡہُمَا اللُّؤۡلُؤُ وَالۡمَرۡجَانُ O فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ O وَلَہُ الۡجَوَارِ الۡمُنۡشَئٰتُ فِی الۡبَحۡرِ کَالۡاَعۡلَامِ O فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔

(ترجمہ): انسان کو اُس نے ٹھیکری جیسے سوکھے سڑے ہوئے گارے سے بنایا اور جن کو آگ کی لپٹ سے پیدا کیا۔ پس اے جن وانس، تم اپنے رب کے کن کن عجائب قدرت کو جھٹلاؤ گے؟ دونوں مشرق اور دونوں مغرب، سب کا مالک و پروردگار وہی ہے پس اے جن وانس، تم اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے؟ دو سمندروں کو اس نے چھوڑ دیا کہ باہم مل جائیں پھر بھی اُن کے درمیان ایک پردہ حائل ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے پس اے جن وانس، تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے؟ اِن سمندروں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں پس اے جن وانس، تم اپنے رب کی قدرت کے کن کن کمالات کو جھٹلاؤ گے؟ اور یہ جہاز اُسی کے ہیں جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اونچے اٹھے ہوئے ہیں پس اے جن وانس، تم اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے؟ ۔ وآخِرُالدَّعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔جی ، بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔Oath, oath of Member elect.

(قطع کلامیاں)

## حلف وفاداری رکنیت

جناب سپیکر: ممبر سے مجھے Oath لینے دیں پہلے، پھر اس پہ آپ بات کرلیں، پہلے میں Oath لے لوں ان سے، Oath مجھے لے لینے دیں، Member elect سے Oath لے لینے دیں، جلد بازی نہ کریں آپ، تاکہ تسلی سے آپ بھی بات کرسکیں، میں ان سے Oath لے لوں، انہیں Welcome کرلیں ہم تو پھر اس کے بعد، یہ آج ان کا پہلا دن ہے تو میں چاہتا ہوں یہ اچھا خوشگوار طریقے سے یہ جو ہے ناں،

Oath of Member elect: Mr. Muhammad Nisar, Member elect, to stand infront of his seat, to take oath.

نثار خان، جیسے میں پڑھوں تو پھر آپ جس جگہ آپ کا نام آتا ہے وہ نام لے لیں گے آپ۔

جناب محمد نثار: ٹھیک ہے سر۔

(اس مرحلہ پر جناب محمد نثار، نومنتخب رکن صوبائی اسمبلی نے حلف اٹھایا)

(تالیاں)

Mr. Speaker: Now, I call upon the Member elect, to sign in the roll of Members, placed on the table of the Secretary, Provincial Assembly. Member elect, Nisar Khan, to sign the roll of Members.

(اس مرحلہ پر نومنتخب رکن اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر دستخط ثبت کئے)

جناب سپیکر: محمد نثار صاحب کا مائیک On کریں جی۔

جناب محمد نثار: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ د ټولو نه مخکښې زه د خپلې حلقې د باجوړ د غیرتی اولس، د مشرانو، د علماءکرام، د ځوانانو او د خوئیندو میندو شکریه ادا کوم چې هغوی په مونږ باندې باور وکړلو او دې قومی جرګې ته ئې خپل وکیل اوټاکلو او دلته ئې را ولیږلو۔ جناب سپیکرصاحب، زه د خپل ګوند د عوامی نیشنل پارټۍ د صوبائی او د مرکزی قیادت هم شکریه ادا کوم چې ما ته ئے ټیکټ جاری کړے وو او په دې نامساعد حالاتو کښې چې کوم دے مونږ په دغه میدان کښې ولاړ وو۔ په ټول پاکستان کښې جنرل الیکشن شوے دے سپیکر صاحب، یا به زمونږ د خاورې بدقسمتی وی یا به زمونږ د دې وطن بدقسمتی وی، د دې قوم بدقسمتی به وی چې پختونخوا کښې او په ایکس فاټا کښې چې کله هم انتخابات کیږی نو بدې پیښې پکښې مخې ته راځی، دا وارې چې هم انتخابات کیدل، د الیکشن نه اوؤه اته لس ورځې وړاندې یو بده پیښه اوشوله، زمونږ د وطن پکښې څلور ډیر درانه مشران سابقه سینیټر هدایت خان او نور دوه

درې ملګری دا شهیدان کړلی شو، د هغې بدې پیښې په وجه باندې په
ټول الیکشن پراسیس باندې اثر اولوېدلو او یو یره او خوف پیدا
شو، د کومې یرې او خوف ختمولو د پاره چې مونږ مسلسل په
اولسونو کښې جدوجهد کوؤ ګرځو ، جلسې جلوسونه کوؤ چې دا یره او
خوف ختم شی چې دا قسمه واقعات پکښې اوشی. یو ځل بیا چې کوم دے
په وطن د بد امنئی تیارې راخورې شوې دی. دې وخت کښې سپیکر
صاحب، زمونږ ټول پښتون قام ته درې غټې مسئلې پیښې دی او دا
مسئلې په دې هاؤس کښې موجود چې څومره ممبران دی، دا یوازې نه
چې د اپوزیشن مسئلې دی او د اقتدار والا نه دی، بلکه دا زمونږ
او ستاسو بطور قام شریکې مسئلې دی. اولنئ مسئله دې قام ته د
بد امنئ راپیښه ده او بد امنی هم صرف په پختونخوا کښې بد امنی
ده، څوک دا خبره کوی چې بد امنی د ټول ریاست یا ټول پاکستان
مسئله ده نو دا دروغ وائی، د تیر یو کال ریکارډ دې رااوباسی
چې Ninety nine percent (99%) واقعات په پختونخوا کښې شوی دی، په
نور پاکستان کښې چرته واقعه نه ده شوې، دا نه چې مونږ په دغه
باندې خوشحالیږو چې په بل وطن کښې دې دغسې واقعات اوشی خو نه،
مونږ ته هم دا احساس کیږی چې ولې په پختونخوا کښې مسلسل بد
امنی ده، او د بدامنئی د وجې جناب سپیکر صاحب، زمونږ د وطن
معیشت هم خراب شو، زمونږ د وطن سرمایه دار، کارخانه دار
اوسرمایه کار د پښتونخوا وطن پریښودو او لاړل Safeصوبوته، پنجاب
ته منتقل شو، هلته ئے خپله سرمایه کاری اوکړله، که دلته کوم
سرمایه دار پاتې دی، هغوی هم تنګول کیږی په مختلفو طریقو
باندې، دا بهتو کالز (Calls)ورته ملاویږی، تحفظ چې کوم دے اولس
ته نشته دے، د ټولونه غټه مسئله د دې قام او د دې خاورې دا
بد امنی ده. د تیر شپږ څلویښت کالو نه عمومی طور او دیرش شل
کالو نه خصوصی طور پختونخوا او په خصوصی توګه باندې قبائلی
اضلاع NMDs، په هغې کښې د بد امنئی دغه لړمسلسل روان دے. یو
طرف ته بد امنی اووهلو بل طرف ته چې کله په دوه زره اتلس
(2018)کښې آئینی ترمیم اوشولو او د هغې د پاره سیاسی پارټو ډیر
طویل جدوجهد کړے وو، ډیرې لوئې قربانئی ئے ورکړې وې، نو د
قبائلی اضلاع د اولسونو سره چې څه commitments اوشو، څه وعدې
شوې وې، د تیر اویا کالو نه خو دا قبائلی اضلاع په تیاره کښې
ساتلې شوې وې، FCR پرې وو، تور نظام پرې وو، بیا چې کله دغه
FCR ختم شو Civil law او آئین هلته Extend شو نو دا فیصله اوشوله
چې دا اضلاع به چې کوم دےDown districts پشان رااوچتوؤ، د ترقئی په
مد کښې به دلته مونږه کارونه کوؤ، جناب سپیکر صاحب، Thousand
arab rupees د دغه د پاره پروګرام جوړکړے شوے وو، دوه زره اتلس
(2018) نه واخله دوه زره څلیرشتم (2024) دے، شپږ کاله اوشو، د
هغې فارمولې تحت پکار دا ده چې شپږ سوه اربه روپئی په قبائلی
اضلاع باندې لګیدلې وې، قبائلی اضلاع چې ریاست ئے بطور Buffer zone
ساتی، توجه ئې ورته نشته دے نو دغه شان ورسره د میرنئ
مورسلوک پختونخوا حکومت هم کوی، پکار دا ده چې پختونخوا حکومت
اول خپله برخه چې کوم دے راغستې وے، هغه ئے قبائلی اضلاع ته
ورکړے وے او د هغې نه وروستو دا د پختونخوا حکومت د وفاق سره
زمونږ د پارجهګړه کړې وے او چې زمونږ په NFC award کښې کومه
درې فیصد برخه کیږی چې هغه برخه ئے یقینی کړې وے اوپه دې

قبائلو باندې لګیدلې وے. وطن مې د جنګ د پاره استعمالیږی وینه خو مې توئیږی او د ترقئی خیال راته د چا نشته دے. برخه مې بیا په دېکښې نه رسیږی او چې کله امن پاسون کوم، د ریاست نه امن غواړم، ریاستی ادارو نه امن غواړم نو کله راباندې بیا یو نوم لګوی او کله راباندې بیا بل نوم لګوی او تاسو اوکتل چې په بنوں کښې ورسره څه واقعات اوشولو. جناب سپیکر صاحب، زما به د حکومتی ارکانو نه هم دغه اپیل وی چې دې قومی مسئلو ته به مونږ او تاسو بطور قام اودریږو، که مونږ او تاسو بطور قام اونه دریږو، پنځه کروړه پښتانه چې کومه دے دې اسمبلئ ته ګوری چې دا اسمبلی به مونږه د دې مسائلو نه خلاصوی خو که چرته مونږه دغه قام د دې مسائلو نه خلاص نه کړو نو خدائے شته چې هرسړے خو به په خپل خپل ځائې سیاست اوکړی خو کردار به مو هغه کردار پاتې نه شی چې هغه د تاریخ برخه شی. دا د بد امنئ چې کوم تسلسل راراوان دے، د دې په شا یو فلسفه دا هم ده چې زمونږه پختونخوا وطن جنتی وطن چې د هر قسم معدنیاتو نه ډک دے، هغه معدنیات چې کوم دے ډیر په بې رحمئ سره لوټ کیږی، مونږه وینو چې په رنړا ورځ باندې دغه معدنیات چې د اتلسم آئین تحت حق چې کوم دے د هرې صوبې چې کوم پیداوار کیږی له اول د هغې د عوامو دے، بد قسمتی دا ده دا صوبه بجلی پیدا کوی، ګیس تیل پیدا کوی خو حق پرې چې کوم دے، او څه پورې په آئین کښې بیشکه چې شته دے خو عمل درآمد پرې تر اوسه پورې اونه شو، زمونږ بچې په دې جنتی وطن کښې نهر دی، د وسائلو نه ډک وطن دے، یو طرف ته پرې جنګ مسلط دے بل طرف ته په خپلو وسائلو باندې اختیار نشته، چې زمونږ په بچو باندې ولې کیږی، ټول مسافرئ ته روان دی، زه به درته د خپلې ضلعې ذکر اوکړم جناب سپیکرصاحب، شپیته فیصده ځوانان زمونږه دا د ملک نه بهر او یاد ضلعې نه بهر په پاکستان کښې په مختلفو ښارونو کښې مزدوریانې کوی، اوس دا سهولت، د روزګار سهولت دا په هغه وطن کښې ولې نه برابریږی؟ دا بنیادی سوال دے چې معدنیات زما د خاورې را پیدا کیږی، وسائل زما په خاوره کښې موجود دی، بجلی د دې پختونخوا پیدا وار دے نو کارخانه ولې په باجوړ کښې نه لګیږی؟ (تالیاں) بیاکه دا بنیادی وجه وی چې دغلته بدامنی ده، کارخانه دار کارخانه نه شی لګولے نو بیا زما په دې ریاست باندې یو سوال دے چې د دې ریاست کوم فوجونه دی او کوم انټیلی جنس ایجنسیانې دی، هغه زمونږ او ستاسو د تحفظ د پاره دی او دا د هغوی Responsibility ده چې دې قام ته تحفظ ورکړی. نو په پختونخوا وطن کښې بد امنی ده، زه به مثال ورکوم په دې پاکستان کښې دننه، په دې د زما نه څوک نه خفه کیږی، او په پنجاب کښې امن دے چې کوم فوځونو او کومو لښکرو په پنجاب کښې امن قائم کړے دے، دغه شان امن پختونخوا ته ولې نه ملاویږی؟ (تالیاں) دا د دې ریاست کمزوری ده که دا د دې اسټبلیشمنټ کمزوری ده؟ بیا شل کاله اوشو مونږ په دا خاورې یو نامعلوم جنګ مسلط کړے شوے دے چې مونږ ته ئے هیڅ قسمه فائده نشته دے، یا د اسلام آباد اشرافیه ته او یا اسټیبلشمنټ ته ئے فائده ده، دې پښتنو ته ئے هیڅ قسمه فائده نشته، (تالیاں) وینه صرف زمونږ توئیږی، زه که نن دلته راغلے یم نو ما د امن په بیانیه باندې ووټ اغستے دے، ما د باجوړ د ځوانانو سره، د علماء کرام سره، دخوئیندو میندو سره د ټول قام

سره دا لوظ کړے وو چې زه به د اسمبلئی په فلور باندې په بد امنئ خبره کومه (تالیاں) او تور ته به تور وایم او سپین ته به سپین وایم، حق ته به حق وایم، باطل ته به باطل وایم، د دې وطن دا بدامنی چې کومه ده دا به اوس وختی ختمه شوې وے کله چې دلته د APS واقعات اوشو او په هغې کښې دوه نیم سوه ماشومان په بې دردئ سره شهیدان کړلی شو، د هغې نه پس د ریاست ټول چې څومره هم سټیک هولډرز دی، سیاسی پارټو مشران دی او د اسټیبلیشمنټ مشران دی، دا ټول کښناستل او یو پروګرام ئے ترتیب کړو، National Action Plan دغه دویشت نکاتو باندې په تیر لس کاله کښې ولې عملدرآمد اونه کړے شو؟ دا پرې څکه عملد درآمد نه کیږی چې د دې ریاست مقتدر قوتونو د دې وطن د اقتصاد دا جنګ ګرځولے دے، چې څو پورې دلته جنګ وی او بد امنی وی نو د هغوی اقتصاد به روان وی، چې په دې خاوره امن راشی نو د هغوی اقتصاد ته نقصان رسیږی. (تالیاں) دا ورته مونږ وایوچې دا یو زرعی سټیټ دے، د دې اقتصاد په زراعت باندې اودروه، د دې اقتصاد په صنعت باندې اودروه، پښتانه نور ډیر سخت تنګ راغلی دی د بد امنئ نه، نور دې قام ته امن ورکړه، ستا هغه داخله اوخارجه پالیسی چې د تیر پینځه څلویښت کالو نه ئے په دې وطن کښې اور بل کړے دے، هغه ضیاء الحق نن خو نشته دے خو دا اور هغه کړلے وو، نن هم پکښې پښتانه سوزی، (تالیاں) دغه پالیسئ به بدلول وی. ترڅو چې دغه Deep State policies بدلې شوې نه وی تر هغې په دې خاوره کښې امن نه شی راتللے، دګاونډی هیوادونو سره ښه تعلقات ساتل پکار دی او دوئ چې کومې پرائیویټ ملیشې جوړوی، دا پراجیکټې به دوئ بندوی، دا پرائیویټ ملیشې به دوئ ختموی او چې کوم ئے Train کړی دی، هغه دې پخپله اوس سنبهال کړی، (تالیاں) هغه بلا اوس په دې خاوره په دې قام باندې لګیدلې ده، د روزانه په بنیاد چې دا په زرګاؤ خلق امن پاسونونو ته رااوځی، سبا زما په وطن کښې زما په حلقه کښې باجوړ کښې امن پاسون دے، د دنیا خلق راوځی، د څه د پاره راوځی؟ د دې د پاره راوځی چې هغوی په وطن کښې غیر محفوظ دی، هغوی په هغه وطن کښې غیر محفوظ دی، ریاستی ادارې موجود دی، فوځونه او لښکرې موجود دی، انټیلی جنس ایجنسئ موجود دی او زما قام ته تحفظ نشته دے، دا خو بنیادی کمزوری د هغوی ده، مونږ سیاسی خلق یو، مونږ به په دی فلور باندې به خبره کوؤ، مونږه به ئے په جرګه کښې کوؤ، مونږ به ئے په جلسه کښې کوؤ، تحفظ ورکول د دوئ کار دے او دا د دې ټول پارلیمنټرین او د دې ټولو ممبرانو فرض جوړیږی چې دلته تاسو د قوم په ووټ راغلی یئی نو د قوم د احساساتواو جذباتو ترجمانی به کوئ، (تالیاں) دا نه، د دې قوم حق راوړل وی نو راځی پنډره سوه ارب روپئی چې کوم دے نن هم وفاق ته دپختونخوا پورې دی دبجلئی او د اوبو هغه پنډره سوه ارب روپئی راوړئ په قبائلی اضلاع باندې اولګوئ چې هلته خلق مظلوم هم دے، محکوم هم دے، زخمی هم دے، دردیدلے هم دے، هغوی له توجه ورکړئ، په دېکښې پکار دے چې Competition اوکړی، په دېکښې Competition نه دے پکار چې په یو بل باندې بې ځایه الزامونه، په یو بل پسې پچموزې، دا خوند نه کوی. جناب سپیکرصاحب، د امن په حوالې سره به تاسو ته به هم زمونږه دغه

اپیل وی، دې ټول هاؤس ته به هم دغه اپیل وی چې دا هاؤس به ډیر سنجیده کیدل غواړی ځکه دا یوقومی مسئله ده او چې په قومی مسئله باندې مونږ پښتانه په اتفاق نه شو، په اتحادنه شو او دې ته او نه دریدو او د دې بدامنۍ مخنیوے اونه کړو نو راتلونکی نسلونه به مونږ معاف نه کړی. مونږ خو په جنګ کښې را لوئې شولو خو زمونږ راروان نسلونه چې کوم دے غواړو دا چې هغه د بدامنۍ سره مخ نه شی، یو خوشحال او آباد پختونخوا ورته پریږدو. بیا زمونږ د الیکشن په دوران کښې چې کوم شهیدان شوی وو، د هغوی د پاره هم دعاګو یو چې الله رب العزت ورله په جنت کښې اعلیٰ درجات ورکړی، هم په هغه ورځو کښې زمونږ یو ډیر دروند ملګرے، پښتون ملګرے ملت پالاشاعر ګیلامن وزیر په اسلام آباد کښې په بې دردئ سره اوژلے شو چې هغې ته "سیف سټی" وئیلې کیږی، تر نن ورځې پورې د هغه قاتلان ګرفتار نه کړلی شو او چې دکوم مقتول قاتل معلوم نه وی دا مشهوره مقوله ده چې ریاست د هغه قاتل دے نو پکار دا ده چې د هغه قاتلان تر اوسه پورې پیدا کړلی شوی وے.

(تالیاں) دویم زمونږ الیکشن سپیکرصاحب، مسلسل په دې وجه باندې وروستو شو چې په باجوړ کښې چې کوم جنرل الیکشن روان وو، Election campaign peak ته رسیدلے وو، په رڼړا ورځ باندې د پهاټک په بازار کښې یو ځوان په بې دردئ سره اوژلے شو، ریحان زیب شهید، هغه ته اوسه پورې انصاف ملاؤ نه شو، تعلق ئے د پاکستان تحریک انصاف سره وو، حکومت د پاکستان تحریک انصاف دے، پنځمه میاشت ده، پکار دا ده چې د هغه خاندان ته، د هغه دوستانو ته انصاف ورکړلے شی چې ریحان زیب چا، ولې او د څه د پاره په رڼړا ورځ باندې او وژلو؟ د دې په شا باندې مقاصد څه وو؟ پکار دا ده چې داسې قسم واقعاتو له آزاد جوډیشل کمیشن جوړ کړلے شی چې دا قسمه واقعات اوسپړی چې د دې په شا باندې مقاصد څه دی چې داسې قسمه واقعات کیږی؟ زه ستاسو ډیره زیاته مننه کوم، تهینک یو جناب سپیکر صاحب، شکریه.

(تالیاں)

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

<u>جناب سپیکر:</u> کوئسچنز آور لیتے ہیں جی، میں Center for Peace and Development کے وفد کو آج خیبر پختونخوا اسمبلی میں خوش آمدید کہتا ہوں اورانہیں ہم Welcome کرتے ہیں جی۔

Question No. 235, MR. Muhammad Riaz, lapsed. Question No. 237, Mr. Muhammad Riaz, Health, lapsed. Question No. 261, Mr. Muhammad Riaz, lapsed.

یہ Lapse ہوگیا، محرک نہیں ہے تو اس پہ (ضمنی سوال) ہوسکتا ہے؟ ٹھیک ہے، مائیک On کریں جی، ریحانہ اسماعیل صاحبہ کا مائیک On کریں، یہ 261 پہ آپ کررہی ہیں سپلیمنٹری؟

(سوال نمبر 261 ضمیمہ میں ملاحظہ فرمائیں)

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب، یہ ممبر نے جو کوئسچن کیا ہے کہ 2020 میں کورونا وباء سے نمٹنے کے لئے بیرونی امداد اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مالی ساز و سامان کی شکل میں کتنی امداد ملی؟اور دوسرا کوئسچن میں بھی ہے کہ پوری امداد کی تفصیل فراہم کی جائے؟جناب، اس جواب میں ساز و سامان کی تھوڑی بہت تفصیل تو ہے لیکن امداد کا کوئی ذکر نہیں ہے کہ نیشنل ڈیزاسٹر اتھارٹی سے اور بیرونی کتنی امداد 2020 میں آئی ہے؟ کیونکہ سب جانتے ہیں کہ کورونا میں جو ڈسٹری بیوشن ہوئی ہاسپیٹلز میں، اس میں کتنی بے قاعدگیاں دیکھی گئی ہیں؟جناب، اس میں تفصیل اس طرح نہیں دی گئی ہے، تو یہ میرے خیال میں یہ کوئسچن کمیٹی میں جانا چاہیئے اور اس پہ بحث ہونی چاہیئے، اس کی تمام تفصیل معلوم ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی وزیر قانون صاحب، 261 کو آپ Respond کر دیں۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ سوال محمد ریاض ایم پی اے صاحب کی طرف سے آیا تھا، یہ سوال تھا جناب سپیکر، کہ کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمے کو سال 2020 میں کورونا وائرس سے نمٹنے کے لئے بیرونی امداد اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سے مالی اور ساز و سامان کی شکل میں امداد ملی تھی؟ جناب سپیکر، اس کا جواب اثبات میں ہے، جواب سر، ڈیٹیل ساری Provide کی گئی ہے جو کہ فائل میں موجود ہے اور اس کا Breakup بھی ہے جناب سپیکر، کہ یہ 4.29 بلین کا، جناب سپیکر، اس میں میرے خیال میں تفصیل سے جواب دیا گیا ہے اور اس کی ساری ڈیٹیل اور جتنا بھی فنڈ تھا، اس کا Breakup وغیرہ موجود ہے، تو اگر کوئی بے قاعدگیاں ان کی طرف سے ہیں تو ان کو معزز ممبر Point out کر دیں تو ان شاءاللہ اس پہ بات ہو سکتی ہے جی جنرل، تو یہ کہنا کہ بے قاعدگیاں ہوئی ہیں تو یہ تو میرے خیال میں مناسب نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب منسٹر صاحب کو میرے خیال میں خود بھی تفصیل اتنی پتہ نہیں ہے، اس لئے تو میں کہہ رہی ہوں کہ یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے، فاضل ممبر بھی موجود نہیں ہے، وہ بھی ہونگے کمیٹی میں، اس کو جانے دیجئیے، اس میں بہت بے قاعدگیاں ہوئی ہیں تو یہ وہاں کمیٹی میں جانے پہ آپ کو کیا اعتراض ہے؟اس میں سب کچھ Clear ہو جائے گا کہ کیا کیا ہے، NDMA نے کتنا فنڈ دیا ہے اور بیرونی امداد کتنی تھی؟اس کے علاوہ بجٹ میں بھی اتنی خاصی رقم کورونا کے لئے مختص کی تھی، تو یہ سب چیزیں ہیں، یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کہ آپ اس کو اس طرح Light لے رہے ہیں۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، میرے خیال میں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر امجد صاحب، آپ کچھ، ڈاکٹر امجد صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب امجد علی (معاون خصوصی برائے ہاؤسنگ): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، جس طرح اس کوئسچن کا تعلق ہے، Mover خود موجود نہیں ہے اور تمام تفصیل دی گئی ہے اور ڈیٹیل دے دی گئی ہے، تو ان کا تو سپلیمنٹری کوئسچن ہے، اگر اس کو پینڈنگ کیا جائے یا اگلے سیشن میں لے کر آئیں تاکہ خود وہ موجود ہو تو اس کا جواب پھر منسٹر صاحب دے دیں گے ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: جی، عدنان خان۔

جناب عدنان خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اگر Mover موجود نہیں ہے تو یہ ہاؤس کا صوابدید بنتا ہے اور سر، اس کے اوپر اربوں کی وہ انہوں نے دی ہوئی ہے ناں، ابھی سر بے ادبی معاف ہمارے منسٹر ہیلتھ کو یہاں پہ ہونا چاہیئے تھا تا کہ وہ خود اس کوئسچن کو Handle کرتے، ابھی وہ بھی موجود نہیں ہیں، Mover بھی موجود نہیں ہیں، تو میری ہاؤس سے یہ التجاء ہے کہ یہ کمیٹی میں چلا جائے تو اس کے اوپر کمیٹی میں Detailed discussion ہوگی اور ایک دو دن میں ہم اس کے اوپر ڈسکشن یہاں پہ نہیں کر سکتے ہیں، اتنا ٹائم ہمارے پاس نہیں ہے اسمبلی کے پاس، تو کمیٹی میں وہ Mover بھی موجود ہوگا، منسٹر صاحب بھی ہوں گے، محکمہ بھی ہوگا، اس کے اوپر کافی مجھے بھی اعتراضات ہیں، اس کے اوپر کچھ چیزیں ایسی ہیں، ابھی میں نے دو منٹ صرف سٹڈی کیا ہوا ہے، اس میں کافی سر، گنجائش ہے اس میں کہ پتہ نہیں کتنی خرد برد ہوئی ہے؟ تو ہم اس کو تھوڑا ڈیٹیل سے کمیٹی میں کر سکتے ہیں، میں بھائیوں سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کوئسچن کو اگر کمیٹی میں Refer کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ .
Thank you very much, Sir.

جناب سپیکر: جناب منسٹر لاء

وزیر قانون: جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ ان کی طرف سے کوئی ٹھوس وجہ بیان نہیں کی گئی کہ کس وجہ سے اس کو Refer کیا جائے؟ تو میرا ابھی ڈاکٹر امجد صاحب کی طرح ہے کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کو Defer کر دیں، ہم Defer کر سکتے ہیں اس کو۔

وزیر قانون: Defer کر دیں، جب منسٹر صاحب آجائیں۔

جناب سپیکر: بس ہم اس کو Defer کرتے ہیں جی۔

وزیر قانون: یہ بھی سر، ڈیٹیل سے سٹڈی کر دیں، اگر ان کو کوئی Anomalies وغیرہ اس میں نظر آتی ہیں تو Point out کر دیں ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: پھر اس میں ہیلتھ سے متعلق جتنے بھی ہم Defer کر سکتے ہیں۔ اس طرح ہے، عدنان خان توجہ فرمائیں، پلیز بیٹھ جائیں، پلیز بیٹھ جائیں، میں آپ کی بات کرتا ہوں، ہم وزیر محترم، جتنے ہیلتھ سے Related Questions ہیں، Till the presence of Health Minister ہم ان کو Defer کرتے ہیں جی۔

Question No. 255, Mr. Muhammad Riaz, lapsed.

کوئسچن نمبر 262، یہ بھی Defer ہو گیا جی۔

Question No. 234. Ms. Shehla Bano, MPA, answer be taken as read.

* 234 _ محترمہ شہلا بانو: کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا محکمہ بہبود آبادی صوبے میں کہاں کہاں پر سائلین کو مالی معاونت وعلاج معالجے اور خوراک کی سہولیات فراہم کرتے ہیں،

(ب) محروم طبقے کو فراہم کردہ سہولیات کی ریکارڈ سمیت سروسز کی بھی تفصیل فراہم کی جائے،

جناب لیاقت علی خان (معاون خصوصی بہبود و آبادی): (الف) محکمہ بہبود آبادی خیبر پختونخوا کے مینڈیٹ میں مالی امداد اور خوراک کی امداد شامل نہیں ہے۔

محکمہ بہبود آبادی خیبر پختونخوا صوبے میں خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کی خدمات کی رسائی کو یقینی بناتا ہے تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)

(ب) جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا ہے محکمہ مالی معاونت فراہم نہیں کرتا۔البتہ شادی شدہ جوڑوں کو تولیدی صحت، بچوں اور خواتین کو بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کرتا ہے تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ شہلا بانو: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس میں میرا جو سوال تھا، یہ جو تھا مالی معاونت سے Related تھا، اس میں خوراک کی سہولیات اور یہ بہبود آبادی کے سلسلے میں، تو اس میں یہ انہوں نے کہا کہ-----

جناب سپیکر: یہ نہیں، ہم نے 234، پاپولیشن ویلفیئر پہ ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

محترمہ شہلا بانو: اس میں جواب دیا گیا کہ اس میں پاپولیشن پلاننگ اور Reproductive health کے ایشوز کو یہ Tackle کرتے ہیں لیکن اس میں یہ Strategy نہیں بتائی گئی کہ اس چیز کو کس طرح، Strategy کو کیسے بناتے ہیں؟ اس چیز کو آگے لوگوں تک پہنچانے میں Awareness کیسے دیتے ہیں، ادویات کی فراہمی کیسے کی جاتی ہے؟ اور اس کے علاوہ اس کا بہت Vast scope ہے یہ پاپولیشن ویلفیئر کا، چلیں یہ پاپولیشن پلاننگ اور Reproductive health issues کے علاوہ جو بچے ہمارے ہیں جو کہ ایجوکیشن Afford نہیں کر سکتے، تو کیا ان کے لئے کوئی سکول، جو سکول کے قابل ہیں ان کو کوئی ایسی معاونت دی جائے کہ وہ سکولوں میں جا سکیں کوئی ایسا Skill ہو کہ اپنے لئے روزگار بھی لے سکیں، کوئی ایسی اس پر پلاننگ نظر نہیں آتی۔اس کے علاوہ معذور افراد ہماری سوسائٹی کا حصہ ہیں، جیسے سی ایم پنجاب مریم نواز شریف نے معذور لوگوں کو وہاں پہ وہیل چیئرز دی ہیں تو پاپولیشن ویلفیئر، صرف یہ پاپولیشن پلاننگ اور یہ Reproductive health issues نہیں ہیں، یہ ہماری سوسائٹی کے دوسرے Segments کو بھی Deal کرتا ہے، تو اس پر کوئی مجھے ایسا جواب نہیں آیا جیسے کہ وہاں پہ پنجاب کے سکولوں میں بچوں کو دودھ فراہم کیا جاتا ہے، معذوروں کو وہیل چیئرز فراہم کی جاتی ہیں تو اس میں ایسی کوئی چیز نہیں، صرف ایک ہی چیز Population planning اور Reproductive health issues کہتے ہیں ہم Deal کرتے ہیں، اور ہم کسی چیز کو Deal نہیں کرتے۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل سپیشل اسسٹنٹ، ملک لیاقت صاحب۔

جناب لیاقت علی خان (معاون خصوصی بہبود و آبادی): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، یہ واضح ہے کہ جو جواب دیا ہے، وہ پورا ہے، Complete ہے کیونکہ یہ ہمارا مینڈیٹ ہی نہیں ہے، ہمارا کام صرف تولید صحت اور پاپولیشن کو کنٹرول کرنا ہے، اس نے جواب ایک ڈیپارٹمنٹ کا کیا ہے، سوال ایک ڈیپارٹمنٹ سے کیا ہے اور جواب دوسرے ڈیپارٹمنٹ سے مانگا ہے، تو حقیقتاً جو جواب دیا ہے، سارے اس کے ساتھ کوائف موجود ہیں اور Complete جواب دیا ہے۔ اس کے بعد میں سوشل ویلفیئر کا جواب تو میں نہیں دے سکتا ہوں کیونکہ وہ میرا مینڈیٹ نہیں ہے اور جو سوال ابھی کر رہے ہیں ناں، یہ دوبارہ کوسچن لے کر آئیں کیونکہ یہ تو پہلے سے موجود نہیں ہے، اس کا نیا کوسچن بن سکتا ہے سر، اور اگر پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ میں کسی کو بھی کوئی مسئلہ ہو، میرا دفتر حاضر ہے، ہر وقت آئیں اور میں اس کو صحیح طریقے سے سمجھا کر اس کو مطمئن کروں گا، ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: جی، شہلا بانو صاحبہ۔

محترمہ شہلا بانو: اس پر میں یہ کہنا چاہوں گی کہ اگر یہ نیا سوال بنتا ہے تو یہ پاپولیشن ویلفیئر کا جو Vast field ہے، یہ ایک چیز Limited اس کو نہ کریں، ہمارے جو صوبے میں معذور بھی ہیں، بچے بھی ہیں، غریب بھی ہیں جن کو سوشل، (مداخلت) نہیں، سوشل ویلفیئر کا مطلب یہی ہے، پاپولیشن جو آپ سے فیملی پلاننگ کے علاوہ بھی کچھ چاہتی ہے، اس کے لئے بھی آپ کچھ کریں۔

جناب سپیکر: اچھا شہلا بانو صاحبہ، وزیر محترم نے بڑا Proper جواب دیا ہے میرا خیال ہے، اگر آپ سوشل ویلفیئر پہ کوئی کوسچن لانا چاہتی ہیں تو آپ نیا کوسچن لے آئیں، فریش اس پہ، تو جو سوشل ویلفیئر کے وزیر ہیں، وہ اس کا جواب دے دیں گے، وہ ڈیپارٹمنٹ بھی آپ کو، یہ پاپولیشن ویلفیئر سے ہے، تو یہ پاپولیشن ویلفیئر کا میں نے یہ پڑھا ہے، بڑا Comprehensive انہوں نے جواب دیا ہے اس کا۔ تھینک یو جی۔

محترمہ شہلا بانو: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے سر۔

Mr. Speaker: Questions No. 201 and 200, by Mushtaq Ghani Sahib, have been deferred due to leave application and Question No. 267, Mr. Adnan Khan.

*267 _ جناب عدنان خان: کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مارچ 2021 میں جانی خیل ضلع بنوں کے علاقے میں عوام نے چار لاشوں کے ساتھ دھرنا دیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 28 مارچ 2021 کو جانی خیل قبیلے اور اس وقت کے وزیر اعلیٰ کے درمیان تصفیہ ہوا جس کی تفصیل سٹامپ پیپر پر تحریر کی گئی تھی؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اسٹامپ پیپر پر تحریر شدہ تصفیہ کے مندرجات پر اب تک جو عمل ہوا ہے اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

جناب علی امین خان (قائد ایوان) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مارچ 2021 میں جانی خیل ضلع بنوں کے علاقے میں عوام نے چار لاشوں کے ساتھ دھرنا دیا تھا۔

(ب) معاہدہ ضلعی انتظامیہ اور جانی خیل کے مشران کے درمیان ہوا تھا، متعلقہ پیرا وائز جواب درج ذیل ہے:

پوائنٹ نمبر 1۔ ضلع بنوں کے تھانہ جانی خیل کی نئی تعمیر کی گئی عمارت میں جس میں پولیس عملہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے چوبیس گھنٹے ڈیوٹی بطریق احسن سرانجام دے رہے ہیں جس کی بدولت امن و عامہ کو برقرار رکھا گیا ہے، اس علاقے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بہت سی جانی و مالی قربانیاں دی ہیں۔

پوائنٹ نمبر 2۔ ریکارڈ کے مطابق کسی بھی شخص کو پولیس کی زیر حراست نہیں رکھا۔

پوائنٹ نمبر 3۔ تصفیہ کے مطابق ہر ایک شہید کو فی کس 25 لاکھ کا نقد پیکج دیا جا چکا ہے۔

پوائنت نمبر 4۔ تصفیہ کے مطابق جانی خیل علاقہ جو کہ بدامنی کی وجہ سے ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ گیا ہے، اس علاقے کے لئے 2003.995 ملین روپے کا خصوصی ترقیاتی پیکج دیا گیا جس کی تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب عدنان خان: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایک تو میں نے جو یہ کوسچن کیا ہے سر، یہ تو انہوں نے ہمارے ساتھ ویسے گپ لگائی ہے۔ میرے پاس سر، معاہدہ پڑا ہوا ہے، میں نے معاہدے کا ذکر کیا تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ مارچ 2021 میں جانی خیل ضلع بنوں کے علاقے میں عوام نے چار لاشوں کے ساتھ دھرنا دیا تھا؟ آیا یہ بھی درست ہے کہ 28 مارچ 2021 کو جانی خیل قبیلے اور اس وقت کے وزیر اعلیٰ کے درمیان تصفیہ ہوا جس کی تفصیل اسٹامپ پیپر پر تحریر کی گئی تھی؟ وہ اسٹامپ پیپر بھی انہوں نے سر ہمیں Provide نہیں کیا، میں تو کہتا ہوں سر، یہ تو ہمارے ہاؤس کی بے توقیری ہو رہی ہے۔ ہمارے ساتھ سر، یہ انہوں نے نمبر ون، ایک جو سر، یہ میرے پاس معاہدے کی ایک کاپی پڑی ہوئی ہے، اس میں نمبر ون جواب دے رہیں ہیں کہ جانی خیل میں ہم نے وہاں پہ پولیس سٹیشن یہ کیا، پولیس میں یہ کیا، وہ تو ہے ہی نہیں اس میں، تو میں تو کہتا ہوں، یہ تو سر، ہمارا استحقاق مجروح ہو رہا ہے، اس طرح کے یہ ہمیں جوابات دے رہے ہیں، یہ پتہ نہیں، مجھے تو سمجھ نہیں آ رہی، اس میں سر، پہلی شق تو یہ ہے، حکومت علاقہ جانی خیل میں مکمل امن و امان کی بحالی یقینی بنائے گی، جو ان کے منہ کے اوپر کالا دھبہ ہے، جو ابھی بنوں میں پرامن مارچ ہوا ہے، یہ ہمارے ساتھ جو معاہدے کی شق نمبر ایک ہے، اس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ہمارے، یہ 2021 کی میں بات کر رہا ہوں کہ یہ ہم علاقے میں پرامن، امن کی بحالی کی وہ یقین دہانی کرا رہے ہیں اور اس وقت کے ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب اسٹامپ پیپر کے اوپر Counter sign کر رہے ہیں، کمشنر صاحب، ہمارے ڈی سی صاحب اس کے اوپر دستخط کر رہے ہیں، ہمارے پاس چار لاشیں تھیں، میں سر، بار بار Floor of the House یہ کہہ رہا ہوں، یہ جو انہوں نے ابھی ہمیں یہاں پہ تفصیل فراہم کی ہے، ان کی سڑکیں ہم نے بنائیں، یہ چیز ہم نے بنائی، جب ہم زندہ نہیں رہیں گے تو ان کی سڑکوں پہ ہم کس طرح جائیں گے، ان کے سکولز سے ہمیں کیا ہے؟ ہمیں سر، سر کی امان

چاہیئے، ہم تو بار بار یہی کہہ رہے ہیں اور پتہ نہیں ہمارے اس کا یہ مذاق بنارہے ہیں، یہ تو انہوں نے سر، کافی مذاق کیا ہوا ہے، ابھی مجھے صرف اس کی تفصیل دی گئی ہے کہ وہاں پہ ہم نے پیکیج دیا ہوا تھا دوارب کا، اور دوارب میں ہم نے فلاں فلاں یہ کام کیا ہوا ہے اور اس کے اوپر، یہ تو نہیں بتایا کہ اس کے اوپر انہوں نے کمیشن کتنا لیا ہے، کمیشن کتنا جارہا ہے؟ بے ادبی معاف، آپ کے وہاں پہ جو منسٹر صاحب صاحب تھے، دس پرسنٹ تو وہ لے رہے تھے قوم سے، اس کا بھی اسٹامپ پیپر ہمارے پاس موجود ہے، ابھی وہ یہاں پہ نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں پہ جو مسلح گروپس ہیں، وہ کتنا کمیشن لے رہے ہیں؟ اس کا تو کوئی جواب نہیں دے رہے ہیں اور یہ مجھے دے رہے ہیں کہ یہاں پہ ہم نے اتنی سڑکیں بنائی ہیں، سڑکیں اپنے پاس رکھ لیں، پیکیج اپنے پاس رکھ لیں، ہم نے ابھی جو بنوں امن دھرنا دیا ہوا تھا، اس میں بھی ہم نے کہہ دیا تھا کہ ہمیں پیکیج نہیں چاہیئے کیونکہ پیکیج سے آپ ہمارے ضمیروں کو خرید لیتے ہیں، ہم ضمیر بیچنے والے نہیں ہیں۔ (تالیاں) یہ جو ابھی ہمارا استحقاق میرا مجروح ہوا ہے، میں تو کہتا ہوں اس کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے کہ آئندہ کے لئے کسی بھی محکمے کی اتنی جرات نہ ہو کہ وہ اس طرح کا جواب ہمیں دے دے، یہ کوئی جواب ہے؟ یہ تو سر، اگر آپ کمیٹی نہیں، میں تو کہتا ہوں کہ استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

Mr. Speaker: Honourable Minister Law.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): جی جناب سپیکر، اگر ہم سوال پہ دوبارہ نظر دوڑائیں تو انہوں نے جو تفصیل مانگی ہے، اس کے حساب سے ان کو جناب سپیکر، Reply دیا گیا کیونکہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جو Point 1, 2, 3, 4 اس کے جوابات دیئے گئے ہیں جو کہ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ معاہدہ اس ٹائم وزیر اعلیٰ صاحب کے ساتھ نہیں ہوا تھا بلکہ کمشنر یا جو ایڈ منسٹریشن ہے، ان کے ساتھ ہوا تھا اور آر پی او صاحب کی موجودگی میں ہوا تھا، تو جو Terms and conditions ہیں، اس حساب سے ان عمائدین کی طرف سے جو ڈیمانڈز تھے، میرے خیال میں جناب سپیکر، یہ انہی کا Reply ہے اور اس پہ من و عن کام ہو چکا ہے جو ہوم ڈیپارٹمنٹ کے Under آتے ہیں، پولیس کے Under آتے ہیں۔ یہ پوائنٹ نمبر 1 سر، اگر آپ دیکھ لیں تو ضلع بنوں کے تھانہ جانی خیل کی نئی تعمیر کی گئی عمارت میں جس میں پولیس عملہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے چوبیس گھنٹے ڈیوٹی بطریق احسن سرانجام دے رہے ہیں، تو سر، یہ Terms and conditions تھے، یہ ڈیمانڈز تھے ان کی طرف سے، یہ جو Fulfill کئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، دو نمبر اگر آپ دیکھ لیں، پوائنٹ نمبر 2۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Order in the House, please; order in the House, please.

وزیر قانون: اچھا جناب سپیکر، اس کے علاوہ جو کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے Under نہیں آتے، مختلف ڈیپارٹمنٹس کے Under آتے ہیں، جیسے سڑکوں کا ڈیمانڈ تھا، اس ٹائم کے حساب سے سر، یہ بھی جرگے کی طرف سے ڈیمانڈز تھے جو کہ پورے کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر: جناب وزیر محترم، اس میں ڈیپارٹمنٹ اگر اس معاہدے کی کاپی ساتھ لگاتا، معزز ایوان کو بھی اس بات کی آگاہی ہو جاتی، یہ Lapse ہے ان کے End پہ۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، میرے ساتھ جو فائل موجود ہے، اس پہ تو معاہدے کے جو۔۔۔۔۔

جناب عدنان خان: ان سے پوچھ لیں کہ یہ ڈیمانڈز تو ہمارے تھے ہی نہیں، جو جواب دے رہے ہیں جانی خیل تھانے کا تو اس میں ذکر ہی نہیں ہے۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، یہ معاہدے کے ڈیمانڈز میرے پاس یہ موجود ہیں، اسٹامپ پیپر ان کا جو تھا بیان حلفی کے ساتھ۔

جناب سپیکر: آپ ان کو، وزیر محترم کو بات کرنے دیں، میں ان سے بھی پوچھتا ہوں، پہلے یہ اپنی بات Complete کر لیں وزیر محترم تو پھر ہم پختون یار خان سے بھی رائے لے لیتے ہیں اس پہ۔

وزیر قانون: اچھا جناب سپیکر، اس کے علاوہ یہ سڑکوں کی اگر آپ دیکھ لیں، یہ دیٹیل، اس پہ ایلوکیشن بھی ہے، Released amount بھی ہے اور Completion percentage-wise بھی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صحت کے حوالے سے ٹائپ ڈی ہاسپیٹل کا ڈیمانڈ رکھا گیا تھا تو وہ بھی میرے خیال میں Hundred percent اس پہ کام ہو چکا ہے، Execution ہو چکی ہے۔ اسی طرح (PEC (Pakistan Engineering Council کے حوالے سے پانی Supply کرنے کی جو سکیمیں تھیں، اسی طرح Irrigation related کچھ ان کے ڈیمانڈز تھے، تو سر، وہ بھی، Civil Veterinary Dispensary ، مردانہ ڈگری کالج اور ٹیکنکل کالج سر، اس میں کچھ وہ Technicalities ہیں، یہ تھوڑے سے Postponed ہیں، ابھی Deferred ہیں اس وجہ سے کہ سر، انہوں نے Alternative کوئی ڈیمانڈز۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: معاہدے میں ان چیزوں کا ذکر ہے؟

وزیر قانون: .Exact, Sir جناب سپیکر، یہ معاہدہ سامنے موجود ہے، یہ میں ان کو Provide کر دیتا ہوں، یہ پڑھ لیں، آپ ان کو ٹائم دے دیں، اگر اس کے علاوہ بھی ان کا کوئی Query ہے تو۔

جناب عدنان خان: نمبر ایک پوائنٹ سر، وہ دیکھ لیں نمبر ایک، اس میں تو جانی خیل تھانے کا تو مجھے بتا رہا کہ ہم نے تھانہ اور اتنے بہادر پولیس والے کر دیئے ہیں اس لئے ہم پر امن مارچ بنوں میں لے کر آئے ہیں، یہ ان کی کارکردگی ہے، میں یہ پوچھ رہا ہوں، یہ تو اس میں تو ہمیں امن وامان کی بحالی کی ذمہ داری دی گئی تھی، اس کو جوان کے اوپر ڈالی گئی تھی انہوں نے ہمیں یقین دہانی کرائی تھی کہ ہم آپ کے امن وامان کا ذمہ لیں گے۔ آخری دیکھ لیں، نامعلوم آیف آئی آر ہے، خود لکھ رہے ہیں، میں تو نہیں لکھ رہا ہوں، ہمارے ساتھ یہ تھا کہ جو بھی اس میں ملوث ہے، اس کو ہم پکڑیں گے اور اس کو حکومت عدالت میں پیش کرے گی۔ ابھی سر، وہاں پہ کوئی نامعلوم والے، وہ کہتے ہیں کہ "یہ جو نامعلوم ہیں یہ ہمیں معلوم ہیں"، یہاں پہ تو یہ بات پھر بنتی ہے ناں، ابھی تک 2021 سے سر، یہ کارکردگی ہے ان کی کہ وہ جو نامعلوم ہیں ابھی بھی وہ نامعلوم ہیں، ان کی کارکردگی دیکھ لیں، آخر میں کہتے ہیں کہ ہم نے اس میں صرف 7ATA add کیا ہوا ہے، جناب سپیکر، خدارا یہ آج میرے اوپر ہے، کل یہ پورے ایوان کے اوپر

ہو گی، یہ بات یہاں پہ ختم ہونے والی نہیں ہے، ہم نے آگے بھی امن وامان کے اوپر، ہمارے کنڈی صاحب کی وہ آئی ہوئی ہے، اس کے اوپر بھی ہم بولیں گے لیکن سر، میں تو اپنے کو ئسچن کا رونا رو رہا ہوں کہ کہ یہ حالات کیوں بنے؟ 2021 میں یہ ایک دھرنا ہوا تھا، وہاں پہ حالات۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ کو اس کو ئسچن میں سے کس چیز پہ اعتراض ہے؟ وزیر محترم کہہ رہے ہیں کہ جو فائل میرے پاس ہے، اس میں معاہدہ لگا ہوا ہے، وہ کہتے ہیں، میں پڑھ کر بھی سنا دیتا ہوں یا آپ کو کاپی Provide کر دیتے ہیں۔

جناب عدنان خان: سر، میرے پاس ہے معاہدہ میں، تو اسی معاہدے سے پڑھ کر سنا رہا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ پڑھ کر سنا دیں مجھے۔

جناب عدنان خان: سر، میں تو یہی کہہ رہا ہوں کہ وہ آپ دیکھ لیں، میں تو یہ نہیں کہہ رہا ہوں، اس میں سر، پہلا پوائنٹ دیکھ لیں کہ حکومت علاقہ جانی خیل میں مکمل امن وامان کی بحالی یقینی بنائے گی، حکومت علاقے کو ہر قسم کے مسلح گروپ سے صاف کرے گی۔ جانی خیل میں پر امن لوگوں کے گھروں سے کسی قسم کا قانونی اسلحہ نہیں اٹھایا جائے گا اور امن کی بحالی میں کسی گھر کو بھی مسمار نہیں کیا جائے گا۔ سر، یہ نمبر ایک پوائنٹ ہے، ہمیں امن چاہیئے، یہ جو ڈیویلپمنٹ کا کام منسٹر صاحب، بے ادبی معاف، وہ تو مجھے ڈیویلپمنٹ کا بتا رہا ہے، جو یہ پیکج انہوں نے ہمارے اوپر وہ مسلط کر دیا کہ یہ پیکج لے لیں، میں تو اسی دن بھی کہہ رہا تھا کہ ہمیں پیکج نہیں چاہیئے، ہمیں سر کی امان چاہیئے، ابھی میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ 2021 میں ہمارے ساتھ یہ معاہدہ ہوا ہے اور بنوں کے عوام پورے سڑکوں پہ نکل آئے ہیں، کیوں نکل آئے ہیں؟ یہ مسلح گروپس کے خلاف، Good / bad طالبان کے خلاف اور سر، یہ آپ کا قانونی اسلحہ نہیں اٹھایا جائے گا، سر، یہ شق دیکھ لیں، وہ کیوں ہمارے گھروں سے قانونی اسلحہ اٹھاتے ہیں؟ میرے اپنے گھر سے سر، لائسنس یافتہ پسٹل لے کر گئے ہیں۔ ابھی سر، کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں، اللہ معافی کرے، ہم تو بے دھڑک بول لیتے ہیں اور بولتے رہتے ہیں، تو سر، مجھے تو ان کا جواب چاہیئے ناں، ایہ جو تصفیہ میں لکھا ہوا ہے سر، اس میں پھر آخری دیکھ لیں، باقی چھوڑ دیں کہ بندے رہا ہو جائیں گے جو دھرنے میں شریک تھے، یہ ہو جائے گا، ڈیویلپمنٹ ہو جائے گی سر، یہ جو دھرنا شروع ہوا تھا، جو مسئلہ جہاں سے بنا تھا، اس میں یہ انہوں نے وہ کر دی تھی کہ جو بھی ملوث ہے اس کو ہم پکڑیں گے اور اس کو عدالت میں وہ کریں گے، ابھی یہاں پہ سر، مقدمہ علت 23 مورخہ 21-03-2021 بہ جرم 302/365 تھانہ اتمانزئی میں نامعلوم ملزمان کے خلاف آیف آئی آر، نامعلوم، تین چار سال گزر گئے ہیں، نامعلوم ہے، یہ ایک چیز ہمیں کھائے جا رہی ہے، نامعلوم والی، جب ہمارے اداروں کی یہ حالت ہے تو آواز تو ہم اٹھائیں گے ان کے خلاف۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا۔ پختون یار خان، آپ اس پہ۔

جناب پختون یار خان (وزیر آبنوشی): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، جہاں تک معاہدے کی بات ہے، بالکل یہ معاہدہ کمشنر آفس بنوں میں ہماری موجودگی میں ہوا تھا۔ ان کے حلقے کے جو ہمارے ایکس منسٹر صاحب تھے، شاہ محمد خان وزیر، وہ موجود تھے، میں بذات خود اس میں موجود تھا سر، آئے تھے سر، ہمارے چیف منسٹر صاحب محمود خان صاحب، کافی مسائل مشکلات تھیں، پچیس دن ان کی Dead bodies وہاں پہ پڑی رہیں، جب یہ لوگ اسلام آباد کی طرف Movement کرنے لگے تو عین اسی وقت ہماری ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی ڈویژنل ایڈمنسٹریشن کا فیصلہ ہوا کہ ہم اس میں ہمارے جو مشران ہیں، ان کو Engage کریں گے، وہ کریں گے اور وہ وہاں پہ آئے ان کے ساتھ بات چیت سٹارٹ کرنے، یہ لوگ سر، پہنچے تھے، ہماری ٹاؤن شپ کو Cross کر رہے تھے، اسلام آباد کی طرف ان کی Movement ہو رہی تھی، ہم بھی تھے، میں بھی تھا، فاٹا کی طرف سے ہمارے ایک سینیٹر صاحب شاہ جی گل صاحب، یہ سارے اس معاہدے میں بیٹھے تھے، Written agreement ہوا تھا ان کے ساتھ سر، اگر ہم یہاں پہ جھوٹ بولیں گے سر، جھوٹ بولنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے سر، انہی لوگوں کے پاس ہم نے جانا ہے، ان ہی لوگوں کو سپورٹ کرنا ہے، عدنان بھائی بھی یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، کچھ مسائل مشکلات اس معاہدے میں اس دوران بھی تھیں، ان کے کچھ ایسے ڈیمانڈز وہاں پہ تھے کہ کچھ بندے تھے جو دوسروں کے ہاتھ میں تھے یا قید تھے، وہاں پہ اٹھایا گیا تھا، ان میں سے کچھ بندوں کو میرے خیال میں ان کے Handover بھی کروایا گیا اسی موقع پہ تاکہ حالات تھوڑے سے نارمل ہوں ان کے درمیان، باقی ان کے ساتھ سر، گروپس وغیرہ کی جو بات ہوئی، بالکل سی ایم صاحب نے، اس وقت محمود خان صاحب نے ان کو کہا تھا کہ ہم ان کے خلاف اپنی کوشش کریں گے اور ہر لحاظ سے کریں گے، آج ہمارا جو آر پی او صاحب بیٹھے تھے، یہ ان دنوں میں ہمارے ڈی پی او صاحب ہوا کرتے تھے، شوکت صاحب ہمارے کمشنر تھے اور زبیر ہمارے ڈی سی ان دنوں ہوا کرتے تھے سر، سر، جہاں پہ Agreement کی بات ہوئی، ان کے ساتھ Agreement بالکل ہوا ہے، میں اس کو مانتا ہوں، ایسا نہیں ہے کہ Agreement نہیں ہوا اور ہمارے چیف منسٹر کی موجودگی میں Agreement ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ میں عدنان بھائی کو بھی کہنا چاہوں گا کہ آپ کو بھی وہاں کے حالات کا اندازہ ہے کہ کس سمت دو چار پانچ دن پہلے وہاں بنوں کے واقعات ہوئے، مشکلات مسائل ہمیں سر، وہاں پہ درپیش ہیں بے تحاشہ، لیکن ان مشکلات و مسائل کو ہم نے مل جل کر ان چیزوں سے اپنے آپ کو نکالنا ہوگا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پہ، حال پہ آجائیں ناں۔

وزیر آبنوشی: سر، اسی پہ آرہے ہیں سر، یہ نہیں ہے کہ ہم یک دم اس سائیڈ پہ جائیں کہ ان واقعات کو اور پرانے واقعات کو جوڑ کر رکھیں، پہلے جانی خیل ان کا ایک ایسا گڑھ تھا جہاں پہ ہمارے واقعات Bad اور Good کے حوالے سے ہوتے رہتے تھے، ان کی آپس میں وہاں پہ Personal clashes چل رہی ہیں ان کی، یہ واقعات بھی اسی میں ہوئے تھے سارے، دو چار ہمارے بچے وہاں پہ شہید تھے اور پھر پچیس دن ان کی Dead bodies پڑی رہیں، میں ان کو سر، اتنی گزارش کرنا چاہوں گا کہ اگر آپ کو

اس میں کوئی مشکلات ہیں، کوئی آپ کو تحفظات ہیں تو میں بذات خود بھی آپ کے لئے حاضر ہوں، ہمارے لا منسٹر صاحب بھی حاضر ہوں گے، جو اکبر بھائی ہمارے یہاں پہ ہیں، سب ان شاءاللہ آپ کے ساتھ ہوم ڈیپارٹمنٹ بھی جائیں گے، آپ کے مسائل جو مشکلات ہیں، ان کو بھی حل کریں گے کیونکہ ہمارا اپنا ہی ایریا ہے، کسی اور کی سر، بات نہیں ہے وہاں پہ۔ اور رہی سر، بات پیکج وغیرہ کی، تو جو ان کو پیکج جو اناؤنس کر کے دیا گیا تھا، قانون میں نہ تو سر، کوئی بھتہ خور گروپ یا کوئی اس طرح کے لوگ جو وہاں پہ زور زبردستی دس پرسنٹ، کوئی بیس پرسنٹ کمیشن لے رہا ہے سر، اگر بندہ خود نہ دے ان کو تو میرے خیال میں ضرورت ہی نہیں دینے کی، تو اس کے حوالے سے میں اپنے بھائی کو اتنی گزارش کرنا چاہوں گا کہ میرا آفس، میں بذات خود اس مسئلے کے حل کے لئے آپ کے ساتھ حاضر ہوں، کھڑا ہوں، جہاں پہ بھی آپ کو میری ضرورت پڑے، ہماری گورنمنٹ کی ضرورت پڑے، اس معاہدے کو آخری دم تک ان شاءاللہ آپ کے ساتھ لے کر جائیں گے، پیکج بھی ان کے لئے اناؤنس ہوا تھا، اس میں کام شام بھی کچھ ہو رہا ہے یا کچھ اور مزید ضرورت ہوئی، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو بھی ایک ساتھ ایک پیج پر ڈویژنل کمیٹی کے اور امن وعن آپ کے علاقے کے جو تحفظات ہیں، ذمہ داری سے ان کے مطابق سر، حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

جناب سپیکر: جی عدنان خان۔

جناب عدنان خان: میں یہ کہتا ہوں کہ اس کو اگر کمیٹی میں Refer کر دیں کیونکہ سر، کوئی Way out نہیں نکل رہا ناں، ابھی بھی ہم اسی بدامنی کا شکار ہیں۔ سر، میں خود اپنے گاؤں نہیں جا سکتا ہوں، میں اللہ معافی کرے، پختون یار صاحب کو سارا پتہ ہے، تو پوری Situation کا پتہ ہے، یہی جو ہمارا حال یہی ہوگا اور ہم یہاں پر اسی طرح ایک دوسرے کو دلاسے دیتے رہیں گے کہ یار بس ٹھیک ہے، ہم بیٹھ جائیں گے، یہ حل ہو جائے گا، اس طرح مسائل حل نہیں ہوتے ہیں، ہم نے Concrete steps لینا ہوتے ہیں، یہ پھر ہم نے کہنا ہے کہ ہم بس فیل ہیں، We are failed تو سر، State کی یہ Responsibility بنتی ہے کہ ہمیں تحفظ دے، مجھے تحفظ دے، علاقے کو تحفظ دے، لوگوں کو تحفظ دے۔ ابھی سر، 2021 کا واقعہ ہے، 2021 کو لوگ مست تو نہیں ہیں کہ وہ نکلتے ہیں، ابھی جو لوگ نکلے ہیں سر، وہ خوشی سے تو نہیں نکلے ناں، تو حالات خراب ہیں ناں، اگر یہ حالات ٹھیک ہوتے تو بنوں کے لوگ نکلتے؟ یہ تو میں جانی خیل کی بات کر رہا ہوں، جانی خیل بنوں کی ایک تحصیل ہے، Sorry ایک یونین کونسل ہے تو ایک یونین کونسل کے لوگ نکلے تھے تو ان کے ساتھ یہ معاہدہ ہوا تھا اور سر، یہ حکومت نے کیا ہوا تھا، میں یہ کہتا ہوں اس کو کمیٹی میں اگر Refer کر دیں، اس میں کوئی حرج ہے تو پھر کہہ دیں، بس میں تو کچھ نہیں کہہ سکتا، میں تو کہتا ہوں اس کو کمیٹی میں Refer کر دیں اس کے اوپر ڈیٹیل میں ہماری ڈسکشن ہو جائے گی۔

وزیر آبنوشی: بتاؤں گا، عدنان بھائی سے میں پرسنل گزارش کرنا چاہوں گا اس معاملے پہ، اگر ایک موقع ہمیں دیں، ان کے جو بھی مطالبات جو بھی باتیں اس اسٹامپ پیپر پہ لکھی گئی ہیں، ان کو حل کرنے کی جانب ان کے ساتھ ہم جائیں گے، نہ ہوا تو سر، تو کمیٹی بھی ان شاءاللہ کوئی دور نہیں کمیٹی کو آپ بھیج سکتے ہیں اس کے بعد میرے سر پرسنل گزارش اور ریکویسٹ سر، بھائی سے یہ-----

جناب سپیکر: اچھا، بات یہ ہے پختون یار خان، اور تمام آپ وزراء آپ سن رہے ہیں، یہ ایک بڑی Alarming situation ہے ناں، جب ایک ایم پی اے Floor of the House کھڑے ہو کر کہیں کہ میں اپنے حلقے میں نہیں جا سکتا، اپنے گھر کو نہیں جا سکتا، پھر اس کا مطلب ہے کہ Situation بہت Worst ہے ناں، پھر جو لوگ وہاں بس رہے ہیں اس حلقے میں، ان کی کیا کیفیت ہو گی؟ ہم چیزوں کو یہ ہاؤس یا یہ جو حکومت کے عہدے دار ہیں، وہ اپنے اوپر کیوں لیتے ہیں؟ یار، ہر چیز کے لئے ایک ڈیپارٹمنٹ مقرر ہے اور بعض چیزوں کے لئے تو بہت سارے ڈیپارٹمنٹس مقرر ہیں، ڈیپارٹمنٹس کو Exchequer سے پیسہ جا رہا ہے اور بہت بڑی تعداد میں جا رہا ہے، آپ کہیں گے تو میں کسی دن فنانس منسٹر کو کہوں گا کہ یہاں پیسوں کی تفصیل بیان کریں آپ کے آگے کہ کس ڈیپارٹمنٹ کو کس مد میں کتنے پیسے جا رہے ہیں؟ یہ ان کا Right بنتا ہے، پبلک کا یہ Right ہے، جدھر ہم سنتے ہیں، جدھر ہم سنتے ہیں امن کی آواز آ رہی ہے، ابھی یہ محمد نثار نے باتیں کیں، اس نے بھی یہی رونا رویا، خیبر سے آواز آتی ہے، وہ بھی یہی آ رہی ہے، یہ اس کو آپ کو کسی Step پہ تو گورنمنٹ کو جناب وزیر قانون صاحب، اس کو Serious لینا پڑے گا، کہیں تو یہ Respond کر دیں گے آپ۔ احمد کنڈی صاحب۔

وزیر قانون: اس کو بھیج دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری گزارش یہ ہے، اس صوبے کا اگر سب سے بڑا چیلنج ہے تو وہ Law and Order ہے، ہمارے فاضل ممبر عدنان صاحب نے بنوں کمیٹی میں بھی بڑا Positive role play کیا اور صوبائی حکومت کے ساتھ بیٹھ کر اس چیز کو انہوں نے Address کیا ہے، انہوں نے کافی Home work کیا ہے اور یہ سٹینڈنگ کمیٹی پارلیمان کی روح ہوتی ہے، یہ تو ان کی شکست نہیں ہے حکومت کی، ہم کہتے ہیں کیوں آپ ڈیپارٹمنٹ کی جو بد کرداریاں ہیں یا ان کی جو غلط کاریاں، وہ اپنے سر کیوں لیتے ہیں؟ آئیں آپ اور ہم مل بیٹھ کر اس سٹینڈنگ کمیٹی میں ان کے معیار کو بہتر کریں، ان معاملات کے اوپر عمل درآمد کروائیں یہ کوئی شکست یا فتح کی بات نہیں ہے، سٹینڈنگ کمیٹی میں آنے دیں تاکہ آپ اور ہم بیٹھ کر Collective wisdom سے اس کو Implement کروا سکیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب وزیر محترم۔

وزیر آبنوشی: میں یہ کہوں گا ان سے کہ ہم ایک ہی Page پہ ہیں، ہمارا میرے خیال میں ہوم ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، یہاں پہ ایک دن رکھ لیں سر، میری گزارش ان کے ساتھ یہی ہے، مل بیٹھ کر ٹیبل پہ مسئلے کا حل نکالیں گے، نہ ہوا سر، تو کمیٹی تو کوئی دور نہیں ہے سر۔

جناب سپیکر: دیکھیں، اس دن بھی ہم نے یہ Suggest کیا تھا جب یہ بنوں کا واقعہ ہوا تھا، یہ آپ کا جو ادھر تمغہ لگا ہوا ہے، یہ بھی اسی دن کا تحفہ ہے، آپ کو تو اس دن ہم نے یہ کہا تھا کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے اس پہ ایکشن بھی لیا، وزیر اعلیٰ صاحب وہاں گئے جی، وہاں لوگوں سے Address بھی کیا، لوگوں سے ملاقاتیں بھی کیں، ہم نے کہا تھا کہ آپ Region wise ایک وہ بنالیں، کمیٹی بنالیں جس کے اندر آئی ایس آئی، ایم آئی، فوج، پولیس اور باقی Related department جو IB، Related ہیں

Along with MNAs and MPAs ایک وہاں بن جائے، وہیں بیٹھ جائے تاکہ یہ مسئلہ پھر بار بار یہاں ڈیبیٹ نہ ہو ناں۔ اگر چیزیں نہیں بنیں گی، فورمز نہیں بنیں گے، وہاں چیزیں Address نہیں ہوں گی، اب باتیں اس Limit پہ جاتی جارہی ہیں اور ہر وقت اگر ہم اسی پہ بات کرتے رہیں گے، پھر اور کوئی بزنس نہیں ہو سکتا، تو اس پہ Kindly.

جناب پختون یار خان (وزیر آبنوشی): سر، عدنان بھائی سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، ہماری جب اپیکس کمیٹی کی میٹنگ ہو رہی تھی تو یہی نکتہ میں نے چھیڑا تھا اور اسی پہ سارے Agree کر گئے تھے، کمشنر کی سطح پہ انہوں نے ایک کمیٹی اناؤنس کروادی Already جس میں ہمارے منتخب نمائندے، ہماری سارے جو وہاں کے سیکیورٹی ادارے یا ہمارے سول ایڈ منسٹریشن کے لوگ اس میں وہ بیٹھیں گے، ماہوار اس کی میٹنگ ہوا کرے گی ضلعی سطح پہ بھی اور پھر ڈویژنل سطح پہ بھی، اس کی تجاویز پھر ہماری یہاں پہ پراونشل جو کمیٹی کا انعقاد ہوتا ہے اجلاس کا، اس میں بھی یہ پیش کی جائیں گی، تو میں یہ گزارش بھائی سے کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: اگر یہ In process ہے تو میرا خیال ہے۔

جناب عدنان خان: لیکن سر، یہ تو ہمارے ہاؤس کا بزنس ہے سر، ہم تو ہاؤس سے وہ ریکویسٹ کر رہے ہیں ناں، اس میں تو کوئی حرج تو نہیں ہے، اگر کوئی حرج ہے تو پھر میں تو یہ نہیں کہتا ہوں کیونکہ اسی طرح آئین پاکستان کو کوئی نہیں مانتا ہے، وہ بھی ردی کی ٹوکری میں پھینک دیتے ہیں۔ اسی طرح سر، یہ ہماری سفارشات کو بھی وہ پھینک دیں گے، یہ میں نہیں کہتا ہوں لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ کم از کم ہمارا ضمیر تو صاف ہونا، ہمارے ضمیر کے اوپر بوجھ تو نہ ہو ناں۔

جناب سپیکر: جناب وزیر قانون صاحب۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): جناب سپیکر، جیسے میں نے پہلے بتایا کہ ہمیں کوئی حرج نہیں، Objection بھی نہیں ہے، اس کے ساتھ Agree کرتے ہیں، اس کو Refer کر دیں، دوسرے معاملات ہیں، وہ تو Currently ویسے بھی کمیٹی Constitute ہو چکی ہے، ڈسٹرکٹ لیول پہ جو ایڈمنسٹریشن ہے، وہ ہیڈ کرتے ہیں ہمارے منسٹر صاحب، اس Matter کو بھی بھیج دیں، ہمیں کوئی Objection نہیں ہے سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے اسے Refer کرتے ہیں۔

Is this the desire of the House that Question No. 267 may be referred to the Standing Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Question is referred to the concerned Standing Committee.

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

255 _ جناب محمد ریاض: کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے 95 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا اس مین کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا،

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر اعلیٰ): (الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے 95 کے لئے کل 26.039 ملین فنڈز مختص کیا گیا تھا جو کہ تمام جاری اور خرچ ہوئے ہیں۔

(ب) جاری شدہ مذکورہ فنڈز سب جیل صدہ کی بحالی و تعمیر نو پر درج ذیل اے ڈی پی سکیم کے تحت خرچ ہوئیں۔ تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

235 _ جناب محمد ریاض: کیاوزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع پشاور مین گزشتہ سات سالوں سے تاحال مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی درخواستیں، شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد، بھرتی کے آرڈرز، موجودہ پوسٹنگ آرڈرز، اخباری اشتہارات کی کاپیاں، بنیادی سکیل اور سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے نام فراہم کئے جائیں؟

جناب لیاقت علی خان (معاون خصوصی بہبود و آبادی): (الف) جی ہاں۔

(ب) تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: .The leave applications ان معزز اراکین اسمبلی میں رخصت کے لئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب شرافت علی صاحب، ایم پی اے، سات یوم، 29 جولائی تا 04 اگست 2024، جناب تاج محمد خان صاحب، ایم پی اے، سات یوم، 29 جولائی تا 04 اگست 2024، جناب ریاض خان صاحب، ایم پی اے، سات یوم، 29 جولائی تا 04 اگست 2024، جناب محمد رشاد خان صاحب، ایم پی اے، دو یوم، 29 تا 30 جولائی 2024، جناب ارشد ایوب خان صاحب، منسٹر لوکل گورنمنٹ، ایک یوم، 29 جولائی، جناب عبدالمنعم صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب گل ابراہیم خان صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب شاہ ابو تراب خان بنگش صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب مشتاق احمد غنی صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، سردار شاہجہاں یوسف صاحب، ایم پی اے، پانچ یوم، 29 جولائی تا 02 اگست 2024، جناب ہشام انعام اللہ خان صاحب، ایم پی اے، پانچ یوم، 29 جولائی تا 02 اگست 2024، جناب عجب گل صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، سید فخر جہاں صاحب، مشیر برائے سی ایم کھیل امور نوجوانان، ایک یوم، 29 جولائی 2024،

جناب لائق محمد خاں صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، مخدوم زادہ آفتاب حیدر صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب سجاد اللہ صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی ;2024 جناب عبدالکریم خان صاحب، معاون خصوصی برائے سی ایم صنعت و حرفت، ایک یوم، 29 جولائی 2024، سید قاسم علی شاہ صاحب، ہیلتھ منسٹر، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب شکیل احمد خان صاحب، منسٹر مواصلات و تعمیرات، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب عارف احمد زئی صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024، جناب اشفاق احمد صاحب، ایم پی اے، ایک یوم، 29 جولائی 2024۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

## تحریک التواء

Mr. Speaker: 'Adjournment Motions': Mr. Ahmad Kundi, MPA, to please move his adjournment motion No. 02, in the House. Mr. Ahmad Kundi, MPA, please.

وزیر آبنوشی: سر، میں ایک بات کرلوں؟

جناب سپیکر: ان کو موشن Place کرنے دیں ناں ہاؤس میں۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، معمول کی کارروائی روک کر صوبے میں امن وامان کی ابتر صورتحال پر بحث کی اجازت دی جائے۔ صوبے میں جاری Target killing، بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان اور دہشت گردانہ واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں جن میں نہ صرف ہمارے قانون نافذ کرنے والے جوان شہید ہورہے ہیں بلکہ سرکاری املاک اور وطن عزیز کی ساکھ کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ اس کے علاوہ ملک خداداد خصوصاً خیبر پختونخوا میں لاقانونیت روز بروز بڑھ رہی ہے اور لوگوں نے اپنی طرف سے سزا و جزا دینے کا جو عمل شروع کردیا جس کی زندہ ثبوت گزشتہ دنوں مدین سوات میں پیش ہونے والا واقعہ ہے۔ ان واقعات کے علاوہ عوام میں خوف وہراس و بے چینی پائی جارہی ہے، لہٰذا قاعدہ 73 کے تحت اس تحریک التوا کو تفصیلی بحث کے لئے منظور کیا جائے تاکہ صوبے کے موجودہ حالات کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر نتائج حاصل تفصیلی بحث کی جائے۔

جناب سپیکر، یہ تھوڑا سا میں گزارش کرتا چلوں، اس دن بھی ہمارے حکومتی ارکان کافی مفصل باتیں کررہے تھے، لیاقت بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، سوات کے حوالے سے تھا، دیر کے حوالے سے تھا، عدنان صاحب بنوں کے حوالے سے Concern رکھتے ہیں، ابھی کرم میں جو دوسرا دن ہے تقریباً کوئی چالیس کم و بیش لوگ شہید ہوچکے ہیں، تو حالات جس طریقے سے جارہے ہیں تو میرے خیال میں اس کے لئے کوئی ایک دن مقرر کیا جائے اور تمام ممبران چاہے وہ اس طرف بیٹھے ہیں یا اس طرف بیٹھے ہیں، اس دن، ہمارے آصف صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، وہ وزیرستان کی بات کررہے تھے تو میرے خیال میں ہم سے زیادہ آپ لوگوں کا Concern بھی ہے، تو اس میں تمام ہم بیٹھ کر Collectively ایک دن مقرر کرلیں اور یہاں پہ بیٹھ کر Law and

Order کے اوپر ہم،اور میری گزارش یہ ہوگی، جس دن یہ بحث ہو، آپ Specially Interior Secretary کو اور آئی جی صاحب کو لازمی بلائیں تاکہ جو باتیں یہاں پہ ہوں، وہ ریکارڈ کا حصہ بنیں اور ہم Way forward کی طرف جائیں اور ابھی بھی ہمیں خوشی ہے، جس طرح چیف منسٹر صاحب بنوں گئے، تمام پولیٹیکل پارٹیاں وہاں پہ بیٹھ کر انہوں نے ان کو Charter of demands دیا اور انہوں نے من و عن اس کو تسلیم کیا، تو میرے خیال میں اس سے اہم وقت یا اس سے موزوں وقت اور نہیں ہو سکتا، اسی Week آپ سیشن کے دوران بحث کے لئے Date رکھ دیں تاکہ ہم تیاری کر کے آئیں اور Way Forward بتائیں کہ کیا Way forward ہو سکتا ہے، اس خیبر پختونخوا کو اس قتل و غارت سے بچانے کے لئے؟ شکریہ۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اسے ہاؤس کو Put کرتے ہیں ناں جی۔

Mr. Speaker: The question before the House is that the adjournment motion, moved by the honourable Member, may be admitted for detailed discussion? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The adjournment motion is admitted for detailed discussion.

ابھی تھوڑا بزنس لے لوں پھر اس کے بعد بات کر لیں گے، بیچ میں ایک چھوٹا سا وقفہ لیں گے، ہاں سب نے ایک چھوٹی چھوٹی بات کرنی ہے۔ آپ احسان اللہ، پلیز بیٹھ جائیں، آپ کو ہم پورا موقع دیں گے ناں۔

جناب احسان اللہ خان: جناب سپیکر صاحب، میرے کچھ سوالات تھے ہیلتھ کے بارے میں جو نہایت ضروری تھے اور پانی کے اوپر میرے پختون یار خان سے، تو سپیکر صاحب یا سیکرٹری صاحب، تو آپ سارے کے سارے سوالات سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دیں ایک سزا کے طور پر، (تالیاں) منسٹر صاحب کو جو ہے ناں، یہ نہیں تو سر، یہ Show کرتا ہے کہ وہ کس قدر مطلب غیر سنجیدہ ہیں سر، اپنے ان معاملات کو لے کر، اب میرا جو صحت کے اوپر سوال تھا، اب وہ انتہائی ضروری تھا، اس دن میرا پانی کے اوپر سوال تھا، پختون یار خان یہاں پہ موجود نہیں تھے، سر، میری ایک تجویز ہے کہ جس دن وزیر موصوف جو بھی ہوں گے، ڈیپارٹمنٹ اگر یہاں پہ موجود نہ ہو سارے کے سارے سوالات سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیئے جائیں۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: 'Call Attention Notices': Mr. Arbab Muhammad Usman Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 41, in the House.

ارباب عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب۔

I would like to draw the attention of Minister for Local Government towards a very serious issue of public importance that inactive local government system in the province caused failure of the local government System. The local body representatives were not empowered; the structure and functions were amended over and over. The overall local government system devolved political, administrative and financial authority of the public representative of local government, as enshrined in Article 140-A of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan. It is the prime responsibility of government to ensure devolution in true spirit. The provincial government should have to give a policy frame work for the devolved functions of the local government but the empowered and inclusive local government, as direly needed, was encroached upon. The strengthened democracy cannot be envisaged without a devolved functioning local government system in the province and the primary function, as delineated in the Constitution, of the MPAs is legislation and not the development work, by not having a strong local government system where local government representatives are empowered. The Khyber Pakhtunkhwa government has deprived the public from its basic right of representation. Sir, briefly

ہم یہاں پہ پارلیمان میں بیٹھے ہیں، یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں، یہ 1973 کا ایکٹ ہے اور یہ 2015 میں غالباً عمران خان صاحب نے بھی کوشش کی تھی کہ یہاں پہ Rightly جو ہماری Basic responsibilities آتی ہیں کہ ہمارا کام As the parliamentarian only and only legislation اور Policy making ہے۔ پھر اس پہ اس کے بعد ضیاءالحق آئے ہیں سر، ہمیں Malign کرتے رہے ہیں، ابھی ہمارا یہ کام تو نہیں ہے کہ ہم نالیاں گلیاں اور سٹریٹس بنائیں گے، تو سر، ہمارے پاس پھر آپ کے دور حکومت میں جو قانون سازی کی گئی تھی، Please, revisit that. پارلیمان نے اس ایکٹ کو اور آپ کی حکومت نے اس کو پاس کیا تھا اور اس پہ ہم نے یہ واضح کیا تھا کہ As per the Constitution آپ نے ایک بہت زبردست قدم لیا تھا کہ ہم اپنے لوکل باڈیز کے Representatives, they are truly elected directly for the first time، ہم ان کو Empower کریں گے۔ اس کے بعد آپ کی گورنمنٹ نے کابینہ میں ایک فیصلہ کیا اور سارے اختیارات آپ نے اپنے لوکل باڈیز کے نمائندوں سے لے لئے ہیں جو Publically, directly elected ہیں اور سر، جب تک ہم اس چیز کو مانیں گے نہیں، تو ہمارا یہ Functional نہیں ہوگا اور سب یہ حالات کہتے ہیں اور ہمارے جو ٹریژری بنچز کے ساتھی ہیں، وہ بھی اس چیز کا اعتراف کریں گے کہ ہمیں اس چیز پر آنا ہوگا، ابھی ہم آئیں، اس Term کے دوران آئیں یا بعد میں آئیں، It's up to

لیکن میں ہاؤس کو یہ ریکویسٹ کرتا ہوں، پلیز اس کو Seriously لیں اور میں آپ کو گارنٹی کر کے کہہ سکتا ہوں کہ you ہمارے پاس یہاں پہ جو Opportunities ہیں اور خاص کر Merged districts میں ہو سکتا ہے امریکہ کے پاس بھی نہ ہو کہ اس کے لئے ہم Legislation کریں، ایک Legal framework بنائیں اور Policies ایک Umbrella سے مرتب کریں جس کے نیچے کام ہو۔ روزانہ یہاں پہ Protest ہو گا، لوکل باڈیز والے Elected ہیں، فیڈرل statement گونمنٹ سے آپ پیسے مانگ رہے ہیں، اس کو بھی Conditional کر دیں گے تو ہم کیا کریں گے پھر سر؟ اور آپ کو اتنا بڑا مینڈیٹ ملا ہے، Next کے ہم تو آپ کے ساتھ کام کرنے کا اس پہ تیار ہیں، بجائے اس کے کہ آپ اپنے Local government representatives کو Empower کرتے ہیں، آپ نے DDAC کا نظام واپس لے لیا ہے اور اس میں بھی ہو سکتا ہے، میرے ساتھی اس کا ریکارڈ پہ اعتراف نہ کریں لیکن ان کو جو Commitment کی گئی تھی، وہ Oblige نہیں کی یا Handover نہیں کی ہے، آپ نے ان کو DDAC کی چیئرمینی دے دی ہے، Dual systems پھر آپ نے ڈال دیئے ہیں، نہ ایک کام کر سکے گا نہ دوسرا کام کر سکے گا۔ تو سر، ریکویسٹ ہے، میرا خیال ہے کہ بہت Serious issue ہے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں سب سے کہ آپ Empower کریں انہیں، آپ خود دیکھیں کہ آپ کے کام کیسے ہوتے ہیں سر، اور پھر آپ نے جو تحصیل کا چیئرمین ہے، جو ایکٹ آپ نے بنایا تھا ACs ان کے ماتحت ہوتے ہیں، آپ نے دوبارہ اس کو الٹا کر دیا ہے تو Why a parliamentarian or elected representative جو ہے وہ Answerable ہے آپ کے بیوروکریٹس کو، اس میں آیا ہماری پبلک کی Deprivation نہیں ہو رہی ہے سر؟ تو میں یہ ریکویسٹ کروں گا اور ہاؤس سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ کے پاس کمیٹی ہے سر، آپ اس پہ غور کریں اور Public interest کو سامنے رکھیں اور دیکھیں کہ ڈھائی سال تو ان کے ضائع ہو گئے ہیں، ابھی باتیں اس پہ ہو رہی ہیں کہ ہو سکتا ہے ان کو Extension ملے، ملتی ہے یا نہیں ملتی ہے، علیحدہ بات ہے لیکن اگلا ڈیڑھ سال تو ضائع نہ کریں اور جو ہمارے سب سے دیرینہ مسائل ہیں Law and Order, insurgency, economic deprivation آئیں ان پہ کام کریں، Opportunities ہمارے پاس ہیں، پرویز خٹک صاحب ابھی تو آپ کے ساتھ نہیں ہے، 2017 میں وہ کہہ رہے تھے میں چائنا گیا ہوں Twenty seven (27) MoUs sign کئے ہیں، Hundred billions of dollars وہ کہاں گئے؟ آپ کو یہ معلوم ہے کہ آپ کے پاس میرے Merged districts کے دوست یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، KP south میں اور پھر اس طرف سوات پہ دیکھیں اور سر، آپ کا جو علاقہ ہے Organic orchard اور Fruit is the billion dollar industry, billions of dollar.

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: اس پہ آجائیں۔

<u>ارباب محمد عثمان خان</u>: تو سر، پلیز، Oil and Gas ہے، KPOGDCL، پہلی بھی ریکویسٹ کی تھی سر، رگ ہے، ابھی تک کمیشن نہیں ہوئی ہے، OGDCL سے لیں، یہ ہمارا Right ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ارباب صاحب، آپ نے سارا کچھ لپیٹ لیا ہے،اس کو بعد میں۔

ارباب محمد عثمان خان: تھینک یو سر، یہ سارے Connected ہیں۔ تھینک یو جی۔

Mr. Speaker: Janab honourable Minister Law.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): جی جناب سپیکر، یہ میرے خیال میں ان کا جو کال اٹنشن تھا، تو ارباب صاحب کو تفصیلی جواب دیا گیا ہے، اس حوالے سے لوکل گورنمنٹ کو تو جناب سپیکر، اگر ہم دیکھیں جو Past practice رہی ہے تو ٹھیک ٹھاک Empower کیا گیا۔

جناب سپیکر: اس کا Written جواب نہیں ہوتا، آپ Verbal ان سے جو کہنا ہے وہ کہہ دیں۔

وزیر قانون: جی جناب سپیکر، اس میں سارے جتنے بھی Rules تھے تو اس میں امنڈمنٹ، جیسے Rules of Business تحصیل کونسل کے لیول پہ 2022 کی تشکیل، Rules of Business Village and Neighborhood Council, 2022 میں یہ امنڈمنٹ اس میں Already آچکی ہے جس میں Empower کیا گیا ہے لوکل گورنمنٹ کے لیول پہ، ان کے کچھ Concerns, genuine ہیں کہ کچھ Financial constraints یا Restriction کی وجہ سے ان کو وہ Financial assistance نہیں دی گئی جو کہ دینا چاہیئے تھی، ان شاءاللہ چیف منسٹر صاحب سے ان کی سفارش کریں گے، Last time بھی، ابھی جو پچھلا Financial year کا بجٹ تھا اس میں ان کے لئے جو ان کا Honorarium وغیرہ وہ دیا گیا تھا اور اس دفعہ ان کے لئے ڈیولپمنٹ کیلئے بھی پیکیج، خاطر خواہ پیکیج ڈالا گیا ہے جی، تو اس حوالے سے، اس کے علاوہ سر، کافی ان کو Empower کیا گیا ہے، Neighborhood اور Even village سطح پہ بھی تحصیل چیئرمین، جتنی بھی سر، جتنی ریلیز ہوتی ہے تو اس میں تحصیل چیئرمین کو Empower کیا گیا ہے، As compared to Tehsil Municipal Officer تھا اس سے پہلے، تو اس میں چینجز ہیں اور Already future میں بھی اس سے Deliberation ہو رہی ہے، چیف منسٹر صاحب کی نظر میں ہے اور سر، وہ ان پہ Clear ہے کہ جن کو مینڈیٹ ملا ہے تو ہم ان کو Empower بھی کریں گے خواہ وہ Administrative powers ہیں یا Financial powers ہیں، ان کو ہم Delegate کریں گے جی۔

ارباب محمد عثمان خان: بتادیں، Empowerment کے بتادیں، یہ بھی اس میں بتادیں، کسی بھی تحصیل کا آپ بتادیں گے۔

جناب سپیکر: اس پہ انہوں نے وضاحت کر دی ہے، اس پہ آپ کو کُسچن دیں، کو کُسچن دیں تو کو کُسچن میں ٹھیک آپ کو ڈیپارٹمنٹ پھر Proper جواب دے دیگا۔ ٹھیک ہے، تھینک یو جی۔ جلال خان Defer کر دیں، نہیں کرنا ہے؟

جناب جلال خان: کرنا ہے سر۔

جناب سپیکر: کرنا ہے سر۔

Mr. Jalal Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 42, in the House. Mr. Jalal Khan, MPA, please.

جناب جلال خان: جناب سپیکر، میں وزیر برائے محکمہ خزانہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ پشاور میں سرکاری ہسپتالوں کے عملے کو Specifically تنخواہ دینے کے لئے فنڈ نہیں ہے اور ان کے ہر مہینے کی تنخواہ یکم تاریخ کی بجائے دس تاریخ تک ملتی ہے، تھینک یو۔

Mr. Speaker: Minister Law.

وزیر قانون: جی جناب سپیکر، اس میں جو سرکاری ہسپتالوں کے عملے کی تنخواہ کے حوالے سے کال اٹنشن نوٹس دیا گیا تھا کہ ان کو دس تاریخ تک تنخواہی ملتی ہے تو میرے خیال میں جناب سپیکر، ان کو 2023-2024 میں محکمے کی طرف سے Hundred percent release ہو چکی ہے خزانے کی طرف سے، تو باقی تو مطلب فنانس کی طرف سے فنڈ جو ہے وہ Punch کیا جاتا ہے تو Concerned departments پھر اس کے ذمہ دار ہوتے ہیں، وہ آگے اس کو Disbursed کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، ان کا سوال جو تھا وہ فنانس کے حوالے سے تھا۔

جناب سپیکر: جلال خان، انہوں نے کہا ہے کہ فنانس نے فنڈ ریلیز کر دیا ہے، ڈیپارٹمنٹ بھی ریلیز کر رہا ہے۔

وزیر قانون: تو ان کا جو سوال تھا وہ فنانس کے حوالے سے تھا تو فنانس ڈیپارٹمنٹ اس کو Punch کر دیتا ہے جی۔

جناب سپیکر: اس کو دیکھ لیں جی، ان کو کہا کریں کہ ان کو ذرا دیکھ لیں کہ وہ Timely یہ Punch ہو جائے۔

وزیر قانون: جناب سپیکر، وہ ایک دو مہینے جو مسائل تھے وہ سیشن کے حوالے سے اور مخصوص نشستوں کے حوالے سے، اس کے علاوہ پھر اس طرح کی کوئی نوٹس میں نہیں آئی ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جناب۔

## قواعد کا معطل کیا جانا

Mr. Speaker: The Minister for Law, to please move the suspension of rules 77, 78(1) and 79 (1) under rule 240 of the Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. The Minister for Law, please.

وزیر قانون: جناب سپیکر، Rules کو Suspend کریں؟

جناب سپیکر: یہ آپ کے پاس اسمبلی والا جو Bill ہے اس کا آپ دیکھ لیں۔

وزیر قانون: جناب سپیکر۔

I intend to introduce on behalf of the honourable Chief Minister the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat and Ushr-----

جناب سپیکر: نہیں نہیں، یہ جو اسمبلی کا Recruitment Terms and Conditions of Service Bill ہے، یہ لیں۔

وزیر قانون: جی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب، موشن پیش کرنے سے پہلے میں چند گزارشات ہاؤس کے علم میں لانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ آئین کے Article 87 جسے Article 127 کے ساتھ پڑھا جائے، کے تحت اسمبلی ملازمین کی بھرتیوں، اور دیگر معاملات کے سلسلے میں قانون سازی درکار ہے لیکن گزشتہ پچاس سالوں سے مطلوبہ قانون سازی ممکن نہیں ہوئی اور 1974 کے Rules کے تحت آج تک اسمبلی معاملات کو چلایا جارہا تھا۔ جناب سپیکر، اس اسمبلی کی تاریخ میں پہلی دفعہ آپ نے اسمبلی کے معاملات کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے چلانے کے لئے قانون سازی کی اہمیت کو محسوس کیا، اس سلسلے میں گزشتہ تین مہینوں سے آپ نے 'مجوزہ بل' پر شبانہ روز کام کیا جس میں آپ نے اسمبلی سیکرٹریٹ، نیشنل اسمبلی، محکمہ قانون، ایڈوکیٹ جنرل صاحب اور دیگر قانونی ماہرین کے ذریعے نیشنل اسمبلی، سینیٹ سیکرٹریٹ، چاروں صوبائی اسمبلیوں، صوبائی حکومت اور لوگ سبھا کے قوانین سے استفادہ کرتے ہوئے 'مجوزہ ڈرافٹ بل' کو حتمی شکل دی۔ 'مجوزہ بل' پر تمام سیاسی جماعتوں کی اتفاق رائے حاصل کرنے کے لئے آپ نے اراکین اسمبلی سمیت وزراء اور دیگر قانونی ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جس نے مورخہ 22 جولائی 2024 کو دن بارہ بجے سے لے کر رات گیارہ بجے تک مسلسل 'مجوزہ بل' پر غور وخوض کیا جس میں شفافیت کو ممکن بنانے کے سلسلے میں اہم اور مفید ترامیم کر کے ایک 'متفقہ بل' کو عملی جامہ پہنایا گیا۔ بعدازاں مذکورہ 'بل' کی نوک پلک اور دیگر پوشیدہ شقوں کو درست کرنے کے لئے اسے محکمہ قانون کو بھیجا گیا جسے محکمہ قانون نے Vetting کر کے ایک جامع 'بل/ تیار کیا۔ آج میں اس 'بل' کو اسمبلی میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس سلسلے میں میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اسمبلی کے قواعد کے قاعدہ 240 کے تحت قواعد 77، (1) 78، (1) 79 اور دیگر متعلقہ قواعد کو، جو اس 'بل' کے پیش کرنے میں رکاوٹ ہوں، کو معطل کر کے مجھے 'بل' پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question is that under rule 240 of the Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, rules 77, 78 (1), 79 (1) may be suspended? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The rules are suspended.

## مسودہ قانون بابت صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا کے ملازمین (شرائط وضوابط ملازمت) مجریہ 2024 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Assembly Secretariat Employees (Terms and Conditions of Service) Bill, 2024, in the House. The Minister for Law, please.

Minister for Law: Mr. Speaker, I intend to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Assembly Secretariat Employees (Terms and Conditions of Service) Bill, 2024, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

## مسودہ قانون بابت صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا کے ملازمین (شرائط وضوابط ملازمت) مجریہ 2024 کا مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جانا

Mr. Speaker: The Minister for Law, to please move the motion to refer the Bill to the Select Committee. Minister for Law, please.

وزیر قانون: جناب سپیکر، میں زیر قاعدہ 82 کے تحریک پیش کرتا ہوں کہ Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Assembly Secretariat Employees (Terms and Conditions of Service) Bill, 2024 کو مزید غور خوض کے لئے سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Assembly Secretariat Employees (Terms and Conditions of Service) Bill, 2024 may be referred to the Select Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it, the Bill is referred to the Select Committee.

## مجلس منتخبہ کی تشکیل

Mr. Speaker: The Minister for Law, to please move the motion to constitute the Select Committee. The Minister for Law, to please.

وزیر قانون: جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مندرجہ ذیل اراکین اسمبلی پر مشتمل سلیکٹ کمیٹی تشکیل دی جائے:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | وزیر قانون | چیئرمین بلحاظ عہدہ۔ |
| 2۔ | محترمہ ثریابی بی، ڈپٹی سپیکر | ممبر بلحاظ عہدہ۔ |
| 3۔ | ایڈوکیٹ جنرل خیبر پختونخوا | ممبر بلحاظ عہدہ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4۔ | ڈاکٹر عباد اللہ خان، لیڈر آف اپوزیشن | ممبر۔ |
| 5۔ | جناب احمد کنڈی، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 6۔ | جناب سجاد اللہ، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 7۔ | محترمہ ثوبیہ شاہد، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 8۔ | محترمہ ریحانہ اسماعیل، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 9۔ | ارباب محمد عثمان خان، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 10۔ | ارباب محمد وسیم خان، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 11۔ | جناب محمد عبدالسلام، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 12۔ | جناب عبدالمنعم، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 13۔ | جناب محمد ادریس، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 14۔ | جناب محمد انور خان، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 15۔ | جناب رجب علی خان عباسی، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 16۔ | جناب شاہ تراب خان بنگش، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 17۔ | جناب منیر حسین، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 18۔ | جناب طفیل انجم، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 19۔ | جناب شیر علی، ایم پی اے | ممبر۔ |
| 20۔ | جناب محمد سہیل آفریدی، ایم پی اے | ممبر۔ |

Quorum of the Select Committee shall be five members.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Select Committee may be constituted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’, those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it; the Select Committee is constituted.

میں جناب شیر افضل مروت خان، ایم این اے کو ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔(تالیاں)

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا زکواۃ و عشر مجریہ 2024 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Introduction of Bill: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2024, in the House. The Minister for Law, please.

Mr. Aftab Alam Afridi (Minister for Law): Thank you, Mr. Speaker. I intend to introduce, on behalf of honourable Chief Minister, the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2024, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی موٹر گاڑیاں مجریہ 2024 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9. Introduction of Bill: The Minister for Law, to please introduce the Provincial Motor Vehicle (Amendment) Bill, 2024, in the House. The Minister for Law, please.

Minister for Law: Mr. Speaker, I intend to introduce, on behalf of the honourable Chief Minister, the Provincial Motor Vehicle (Amendment) Bill, 2024, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پولیس مجریہ 2024 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10. Introduction of Bill: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Police (Amendment) Bill, 2024, in the House. The Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to introduce, on behalf of honourable Chief Minister, the Khyber Pakhtunkhwa Police (Amendment) Bill, 2024, in the house.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی محتسب مجریہ 2024 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 11. Consideration of Bill: The Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be taken into consideration at once. The Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion moved, the question is that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes', those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Amendment in Clause 3 of the Bill: Mr. Ahmad Kundi, MPA, to please move his amendment in clause 3 of the Bill. Mr. Ahmad Kundi, MPA, please.

Mr. Ahmad Kundi: Sir, I beg to move that in clause 3, in the proposed section 3, in sub-section (2), after the existing paragraph (a), the following new paragraph (aa) may be inserted, namely:-

(aa) A retired employee in BPS-20 or above of the Provincial Assembly Secretariat of Khyber Pakhtunkhwa, or.

سر،اس میں میری گزارش یہ ہے،اس میں یہ ہمیشہ ترامیم آتی رہتی ہیں گورنمنٹ کی طرف سے لیکن اس میں پارلیمان جیسے ایک باوقار ادارے کو ہمیشہ Ignore کیا جاتا ہے، یہاں پہ بڑے Competent ہمارے آفیسرز ہیں جو کہ یہ خدمات انجام دے سکتے ہیں کیونکہ Legislation کے حوالے سے،ایکٹ کے حوالے سے ان کی اتنی ایک Profile بن چکی ہے،تو میرے خیال میں ان کو Ignore نہ کیا جائے،میری گزارش حکومت سے یہی ہو گی کہ ہماری خیبر پختونخوا اسمبلی کے جو بیس اور Equivalent کے جو لوگ ہیں،ان کو بھی اس Race میں یا اس Competition میں Consider کیا جائے۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Honourable Minister.

وزیر قانون: تھینک یو جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جو سفارشات Proposal احمد کنڈی صاحب ممبر کی طرف سے آچکی ہے لیکن اس میں جناب سپیکر، ایک ایشو ہے کہ جو ہمارے اسمبلی سیکرٹریٹ کے Employees ہیں یہ سول سرونٹ نہیں ہیں، تو آپ کو پتہ ہے جناب سپیکر، اگر ہم Public servant یعنی Other than civil servant کو Include کرتے ہیں تو پھر یہ نیا پنڈورا باکس کھل جاتا ہے جس میں جو Autonomies bodies ہیں، یونیورسٹیز ہیں، تو ان کے سارے جو آفیسرز ہیں، وہ سارے اس کے Category میں آجاتے ہیں۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر، ججز سول سرنٹس ہیں؟

وزیر قانون: جناب سپیکر، Judges & civil servants یہاں پہ بتایا گیا ہے Judges کیونکہ وہ Relevant ان کا Profession ہے۔

جناب سپیکر: جناب احمد کنڈی صاحب۔

وزیر قانون: آپ خود دیکھ لیں جناب سپیکر، اس میں اگر ہم مطلب پبلک سرونٹس لاتے ہیں کیونکہ سول سیکرٹریٹ اسمبلی کے جو Employees ہیں وہ سر، پبلک سرونٹس ہیں، They are not civil servants، تو سر، پھر پبلک سرونٹ کا Word ہمیں Insert کرنا ہوگا اور سر پھر پبلک سرونٹس میں پھر ایک بہت بڑا جو پنڈورا ہے سر، وہ کھل جائے گا، تو یہ Reservation ہے ہماری سر۔

جناب سپیکر: جی، احمد کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری گزارش یہ ہے، یہ پنڈورا پنڈورا کر کے ہمیں ڈرائیں نہ، کہنے کا مقصد یہ ہے سر، یہ ہمارے بڑے قابل اور بڑے فہم و فراست والے لوگوں کو دیدہ دانستہ طور پہ Ignore کیا جاتا ہے اور یہ ایک بڑی ڈسکشن ہے، اس دن بھی آپ سر، بیٹھے ہوئے تھے اور بڑی ڈسکشن رہی جو What is the definition of the government servant, public servant & civil servant جو کہ سلسلہ ناتمام ہے، اس سے سپریم کورٹ کے بھی بہت سارے Judgments آچکے ہیں، میری گزارش یہ ہے، آج کے دن کے لئے صرف اس پہ Categorically منسٹر صاحب، جو ہمارے KP اسمبلی کے جو فاضل لوگ ہیں، میں یہ نہیں کہتا کہ کوئی احمد کنڈی کا Recommendee ڈال دیں، اس Race سے آپ ان کو Ignore نہ کریں اور میں آپ کو یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہمارے لوگ اس Race میں سب سے بہترین ہوں گے، میں چیلنج کرتا ہوں کیونکہ یہ Legislation سے بار بار گزر چکے ہیں، یہ ایک چیز کو دیکھ رہے ہوتے ہیں، یہ جو ابھی Ombudsman بنانے جا رہے ہیں، اس کا بھی ایک بڑا پس منظر ہے، اس کہانی کو کھولیں گے تو پھر ایک اور ڈسکشن شروع ہو جائے گی، میری گزارش یہ ہے، اس Consideration میں جس طریقے سے بھی آپ کو آسانی ہو الفاظ کی، لیکن آپ KP اسمبلی کے لوگوں کا ذکر کریں کیونکہ اکثر بیوروکریٹس ہمارے جو ہیں وہ ان کو سول سرونٹس مانتے ہی نہیں ہیں، وہ اپنی Definition نکال لیتے ہیں، یہ جب ایکٹ بن جاتا ہے، اصل ایشو تو اس ملک میں Interpretation کا ہے سارا، تو اس پہ Categorically آپ ذکر کر دیں، میری تجویز

یہی ہے، امنڈمنٹ بھی یہی ہے کہ ہمارے لوگوں کو آپ Ignore نہ کریں، یہ ان کے اوپر Institution نے بہت بڑی Investment کی ہوئی ہوتی ہے، یہ کوئی مذاق نہیں ہوتا، تو میں کہتا ہوں اس Race میں اگر آپ ججز کو ڈال رہے ہیں، اس میں آپ اگر بیوروکریٹس کو ڈال رہے ہیں تو Why not the bureaucrats of the KP assembly? اور یہ آپ کو اچھا Output دیں گے، میری گزارش یہ ہے سر، یہ دل بڑا کریں اور اس امنڈمنٹ کو خصوصی طور پہ اس پہ Compromise نہیں ہو سکتا۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister.

وزیر قانون: جی جناب سپیکر، ہمارے لئے قابل احترام ہیں، ہمارے Competent officers ہیں، جس طرح آپ حکم کرتے ہیں جناب سپیکر، لیکن اس میں یہ Complications ہیں اور پھر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں اس معاملے میں کوئی حکم نہیں کر سکتا، یہ تو ہاؤس کا Affair ہے، گورنمنٹ کا اور۔۔۔

جناب احمد کنڈی: اکثر کہتا رہتا ہوں، جو جو Bills ہیں، اگر اس کی آپ Quality چاہتے ہیں، ہم لوگ ہمیشہ، چاہے جس کی بھی گورنمنٹ رہی، جلدی جلدی میں ہر چیز کرنا چاہتے ہیں، جلدی جلدی، پتہ نہیں، اس جلدی کی چیز کو چھوڑ دیں، اگر آپ Quality دیکھیں، اس سے پورا صوبہ Affect ہوگا، Ombudsman ہے، اس کا احتساب ہوگا، وفاقی محتسب ہے، اچھا بندہ آئے گا، آپ کی جماعت کی نیک نامی ہو گی، لوگ آپ کو Appreciate کریں گے، جو آپ نے اچھے لوگ یہاں پہ لگائے ہیں، حالانکہ پچھلے والے میں ایشوز بنے ہیں، اس پہ میں نہیں جانا چاہتا ہوں کہ یہ اس کی Age کے اوپر بنے ہیں جس کی وجہ سے یہ Bill آ رہا ہے، اس کو ہم نے Touch بھی نہیں کیا، ہم نے کہا چلیں ٹھیک ہے یار، گورنمنٹ کو یہ ایشو خود Tackle کرنے دے لیکن ہم کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ ایک بندے کو اتنی ذمہ وار پوزیشن پہ بٹھا رہے ہیں تو کیوں نہ آپ ایک بڑا فورم بنائیں Competent لوگوں کا؟ اس میں سے Choose کریں، اپنے آپ کو کیوں محدود کر رہے ہیں؟ تو یہ سٹینڈنگ کمیٹی کو آپ بھیج دیں، ایک ہی Sitting میں یہ سارا ڈسکس ہو جائے گا اور اچھے الفاظ میں ایک Legislation آ جائے گی، میری تجویز ہے اور ریکویسٹ ہے۔

وزیر قانون: جی جناب سپیکر، میرے خیال میں یہ پھر بہت زیادہ لیٹ ہو جائے گا اور یہ ہمیں تھوڑا سا اس میں جو Lacunas ہیں ان کو دور کرنے کی کافی کوشش کی گئی اور اس پہ کافی Deliberation کی گئی، تو اگر سر، یہ Proposal سر، میں اپنا بال آپ کے کورٹ میں ڈالنا چاہتا ہوں، آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: احمد کنڈی صاحب، وزیر محترم یہ چاہتے ہیں کہ آپ امنڈمنٹ Drop کر دیں، اس پہ پھر کوئی ہم دوبارہ اس پہ Sitting کر لیتے ہیں تو پھر اگر اس میں ہو، اس پہ آپ دوبارہ امنڈمنٹ لا سکتے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: آپ کے حکم کی تعمیل چاہ رہے ہیں، آپ کے حکم کو آپ پہ چھوڑ رہے ہیں، آپ کے کورٹ میں بال چھوڑ رہے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، مجھے نہ چھوڑیں ناں جی، یہ۔۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: سر، گزراش یہ ہے سر، آپ ہاؤس کے Custodianہیں، جس طرح ہمارے ایم پی اے کے اوپر آپ کا شفقت کا ہاتھ ہے تو اپنے Employees پہ بھی، میری گزارش یہ ہے صرف اس میں یہ ایک چیز ہو جائے جس طرح انہوں نے لکھا ہو ا ہے، سول سرونٹ تو انہوں نے Already Includeکیا ہوا ہے تو یہ 'Provincial Assembly Secretariat'کا لفظ اگر اس کے ساتھ Addہو جائے تو ان کو کوئی Ignoreنہیں کرے گا، آپ ہوں گے یا نہیں ہوں گے، میں ہوں گا نہیں ہوں گا، یہ ہوں گے یا نہیں ہوں گے، Competentلوگ سر، Legislationبہت مشکل کام ہے جس سے یہ لوگ گزرتے ہیں، یہ جس Experienceیہ ہمارے Institutionان لوگوں کو Trainکر رہا ہے، اس پوزیشن کیلئے میرے خیال میںMay be, I am wrong، یہ بہترین لوگ ہیں اس Competitionمیں حصہ لینے کے لئے، تو میری گزارش یہ ہے کہ ان کو آپ Ignoreنہ کریں، یہ امنڈمنٹ آپ Acceptکر لیں، باقیوں پہ بات ہو سکتی ہے، وہ Compromiseکر لیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر تو آپ کو ان کی باتیں Acceptableہیں، ٹھیک ہے، نہیں تو اس کو ووٹ پہ ڈالتا ہوں میں، اگر یہ امنڈمنٹ واپس نہیں لیتے تو۔۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: ٹھیک ہے سر، اس پہ ایشو نہیں ہے اتنا، It can be done.

وزیر قانون: ٹھیک ہے سپیکر صاحب، جیسے آپ مناسب سمجھیں۔

جناب سپیکر: نہیں، اس پہ مجھے مشورہ کرنے دیں۔

(خاموشی)

جناب سپیکر: کنڈی صاحب، آپ Withdrawکر لیں جی، اس میں کچھ ایشوز ہیں، پھر ہم آپس میں ڈسکس کر لیں گے اور پھر بھی اگر اس کے بعد بھی کوئی حل نہ نکل آیا تو ہم دوبارہ اس پہ امنڈمنٹ بھی لا سکتے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: ٹھیک ہے جی، .Okayمیں بس صرف ایک بات کر کے Withdrawکر رہا ہوں، آپ کی بھی خواہش ہے، لاء منسٹر صاحب کی بھی خواہش ہے تو I withdrawلیکن میں یہ کہتا ہوں کہ سر، یہ اگر یہ آپ Clauseیہ Paragraph (b)میں دیکھیں ناں، ریٹائرڈ سول سرونٹس Retired civil servant in BPS-20 or above, having at least three years experience as the head of a government department، یہ جو لفظ ہے Head of a government departmentتو پھر اس کی بھی Definitionکرنا پڑے گی، میں وہی کہہ رہا ہوں Futureمیں لیکن جس طرح آپ کہہ رہے تھے، ان شاءاللہ In futureہم ڈسکس کریں گے اور پھر مزید اس چیزوں کو رکھیں گے۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: The amendment is dropped, withdrawn by the honourable Member. Now, the question before the House is that the original clause 3 may stand part of

the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The original clause 3 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill: Mr. Ahmad Kundi, MPA, to please move his amendment in clause 4 of the Bill. Mr. Ahmad Kundi, MPA, please.

Mr. Ahmad Kundi: I beg to move that in clause 4, in-----

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: جناب احمد کنڈی۔

Mr. Ahmad Kundi: Thank you, Sir. I beg to move that in clause 4, in the proposed section 3A, in sub-section (2), after the existing paragraph (a), the following new paragraph (aa) may be inserted, namely,-

"(aa). One male Member of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, nominated by the Speaker of the Assembly;"

ممبر کے طور پہ سر، اس میں گزارش میری یہ ہے، یہ جو سرچ کمیٹی ہے جو کہ Ombudsman کے لئے بنائی گئی ہے، اس میں تمام جو ممبران رکھے ہیں، لاء منسٹر ہیں۔ اس میں سیکٹریز ہیں، سر، میری ایک گزارش ہے، آپ خود دیکھتے رہتے ہیں، یہ سیکٹریز جتنے بھی ہیں، یہ بڑےOverburdenedہیں، لاء منسٹر ہو گئے، یہ لوگوں کے ہم کہتے ہیں کہ ایک ممبر ہم جیسا جس کے اوپر کوئی اتنی زمہ داریاں نہ ہوں تو وہ فارغ ہوتے ہیں ان کاموں کے لئے اور اس کے اوپر کام شام کر سکتا ہے اور اسی طرح جو ہمارے فاضل ممبران ہیں، وہ Trained بھی ہوں گے، جب ان فورمز پہ آپ اپنے ایم پی ایز بھیجیں گے اور یہ میں نے سپیکر کو اختیار دیا ہوا ہے، جو سپیکر اس ہاؤس میں دیکھ رہا ہوتا ہے کہ کونسا ممبر ایسا ہے جو دلچسپی لے سکتا ہے اور اس کام کے لئے موزوں ہے، تو میری گزارش یہ ہے، ہم اپنے پارلیمنٹیرین پہ اعتماد کریں، ان کو Train کریں اور کس طرح کے فورمز میں بھیجیں جہاں پہ سیکرٹری حضرات Overburdened بھی ہوتے ہیں، ان کے پاس اتنا ٹائم بھی نہیں ہوتا، Even کہ اب آپ دیکھ لیں، میں اس دن بیٹھا ہوا تھا، بینک آف خیبر کاACSاس کا جو ہے ناں وہ ہیڈ ہے، وہACS کہتا ہے کہ میرے پاس ٹائم ہی نہیں ہے کہ میں بینک آف خیبر کو دوں، ہمارا اتنا بڑا بینک ہے، ان کی بھی بات ٹھیک ہے، ابACS کیا اس کو ٹائم دے گا اور کیا اس کی چیزوں کو سمجھے گا؟ یہ Overburden ہوتے ہیں، میں یہی گزارش کر رہا ہوں، آپ اپنی جو ہمارے پارلیمنٹیرین کی جو ٹیم ہے، اس کو تھوڑا سا Promote کریں اور ان فورمز پہ ان پہ اعتماد کریں، اپوزیشن پہ نہ کریں لیکن اپنوں پہ کر لیں۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Honourable Minister.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر، اس میں ایک جناب سپیکر، جو Proposal دی گئی ہے One male Member of KP Assembly, nominated by the Speaker. جناب سپیکر، اس طرح ہے کہ جو لاء منسٹر ہوتے ہیں، وہ Already Member of the Provincial Assembly ہی ہوتے ہیں اور اگر پھر بھی ہمارے فاضل دوست Propose کر رہے ہیں تو اس میں یہ مشورہ دونگا کہ One male Member کی جگہ اگر One Member ہی کر دیں کیونکہ Female بھی ہو سکتی ہے اور کل۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے ممبر کتنے ہوتے ہیں ٹوٹل؟

وزیر قانون: سر، جیسے آپ کا حکم، اگر کرنا چاہتے ہیں میرا کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، One Member of the Provincial Assembly کر دیں، اس کو One male اور One female کیوں نہ کر دیں، کوئی حرج ہے اس میں؟

Minister for Law: Exactly.

جناب سپیکر: آپ Empower کریں ان کو One male اور One female، Balance gender بھی ہو جائے گا۔

وزیر قانون: تو One Member میں سر، Male اور Female دونوں آجاتے ہیں سر، ذکر کرنے کی ضرورت نہیں Elaborate کرنے کی سر، بس One Member ہی کر دیں پھر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

The motion before the House is that the amendment as amended, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

جنہوں نے امنڈمنٹ پیش کی تھی، وہ اس میں جو امنڈمنٹ ہوئی ہے، اس ڈسکشن اس کے ساتھ یہ ہو گیا۔

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Amendment stands part of the Bill, the amendment as amended, stands part of the Bill. Now, the question before the House is that the amended clause 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amended clause 4 stands part of the Bill. Clauses 5 to 15 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 5 to 15 of the Bill, therefore, the question before

the House is that clauses 5 to 15 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 5 to 15 stand part of the Bill. Amendment in Clause 16 of the Bill: Mr. Ehsanullah Khan and Mr. Ahmad Kundi, MPAs, to please move their joint amendment in clause 16 of the Bill. Mr. Ehsanullah Khan, MPA and Mr. Ahmad Kundi, MPA, please.

Mr. Ehsan Ullah Khan: Sir, I want to move that in clause 16, in the proposed section 27, in sub-section (1), after the word "before", the words "Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa and" may be inserted.

سر، یہ جو Clause 16 ہے، Sorry، ہاں Sixteen ہے اس کی، جو صوبائی محتسب ہے سر، اس میں لکھا ہے کہ The Provincial Ombudsman shall lay the annual reports before the Government جو ہیں each year in the month of March تو بجائے یہ کہ صرف گورنمنٹ کو سر، ہماری جو پراونشل اسمبلی ہے، میری یہ تجویز ہے کہ ان کی جو سالانہ رپورٹ ہے سر، پراونشل اسمبلی میں بھی پیش کی جائے تاکہ اس پہ یہاں پہ بحث ہو۔ تھینک یو، شکریہ۔

جناب سپیکر: احمد کنڈی صاحب۔

Mr. Ahmad Kundi: Ji, thank you Sir. I beg to move that in clause 16, in the proposed section 27, in sub-section (1), after the word "before", the words "Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa and" may be inserted.

میری گزارش یہ ہے سر، یہ Original Bill میں یہ تھا، یہ Annual report گورنر صاحب کو یہ پیش کرتے تھے، ابھی ان کی خواہش ہے کہ یہ ہم گورنمنٹ کو پیش کریں، تو ہماری تجویز اس میں یہ ہے کہ گورنر بھی بادشاہ ہوتا ہے اور گورنمنٹ بھی بادشاہ ہوتی ہے، ان کو تو ہر وقت آپ رپورٹ پیش کر سکتے ہیں۔ اصل فورم یہ ہے پارلیمان، اس پارلیمان میں آپ Annual report پیش کریں تاکہ ہم جیسے فارغ لوگ اس کو پڑھیں، دیکھیں کہ کتنے کیسز انہوں نے کئے ہیں؟ میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں، Right to Information کا آپ اب کمیشن دیکھ لیں، فارغ پڑا ہوا ہے سر، اس کے ممبرز نہیں ہیں اور دو سالوں سے وہ کام ہی نہیں کر رہا کیونکہ اس کی Annual report یہاں پہ نہیں آتی، تو یہ Annual report اسمبلی میں آئے گی سر تو آپ کی نظر سے بھی گزرے گی، ہم فاضل ممبران جتنے حکومت اور اپوزیشن کے بیٹھے ہوئے ہیں، گورنمنٹ تو جب بھی چاہے یا گورنر صاحب چاہیں، ان کو آگے رپورٹ تو آجاتی ہے، ہم جیسے لوگ دفتروں میں پھر رہے ہوتے ہیں، اپنا ذاتی کاغذ ہمیں نہیں

ملتا، تو Annual report جب اسمبلی میں آئے گی تو اس پہ سیر حاصل گفتگو ہو گی، ایک Productive result نکلے گا، شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب وزیر محترم۔

Minister for Law: Ji, janab Speaker, no objection.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Amendment stands part of the Bill. Now, the question before the House is that the amended clause 16 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amended clause 16 stands part of the Bill. Clauses 17 to 18 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honourable Member in clauses 17 to 18 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 17 to 18 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 17 to 18 stand part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

Mr. Speaker: The Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be passed. The Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to introduce that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be passed.

جناب سپیکر: یہ تو Introduction نہیں ہے، یہ تو Passages ہے، پاس کرنے کے لئے آپ لے رہے ہیں۔

وزیر قانون: پاس کا میں نے کہا ہے، سر جی۔

جناب سپیکر: پاس کہا ہے آپ نے۔

Minister for Law: Exactly.

جناب سپیکر: اچھا، میں نے اس کو۔

وزیر قانون: دوبارہ کہوں؟

جناب سپیکر: دوبارہ کہہ دیں۔

Minister for Law: I intend to move the Khyber Pakhtunkhwa Provincial, Ombudsman (Amendment) Bill, 2024 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill 2024 may be passed? Those who are in favour it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed. The sitting is adjourned till 02.00 pm, Tuesday, 30th July, 2024.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 30 جولائی 2024 بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)

## ضمیمہ

261 جناب محمد ریاض: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کو سال 2020 میں کورونا وائرس (وباء) سے نمٹنے کے لئے بیرونی امداد اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی NDMA سے مالی اور ساز و سامان کی شکل میں امداد ملی تھی،

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تاحال بیرونی اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی طرف سے فراہم کی گئی امداد کی مکمل تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؟

سید قاسم علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) کورونا وباء کے دوران بیرونی اور NDMA سے ملنے والی امداد فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے ڈائریکٹوریٹ آف ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز خیبر پختونخوا وبائی صورتحال سے نمٹنے کے لئے اقساط میں 4.29 بلین پاکستانی روپے ریلیز کئے جس میں ڈائریکٹوریٹ آف ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز نے 3.78 بلین روپے کورونا کے ہسپتالوں کے لئے درکار ضروری سامان اور اشیاء کی فراہمی پر خرچ کیئے گے۔ علاوہ ازیں جاری کردہ رقم میں سے اضلاع کو آکسیجن، تیل اور دیگر ضروریات کے لئے 21 کروڑ 36 لاکھ 36 ہزار 814 روپے نقد فراہم کئے گئے۔